مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

مارچ 2018ء

تحفہ روحانیات

روحانی ماہنامہ

معجزات نبی کریمؐ

یوم تجدید عہد

نوروز عالم افروز

قرارداد پاکستان کا پس منظر

جنات کی روحانی واردات

اعمال شرف زہرہ

شادی کیلئے خصوصی عمل

حُب و تسخیر کے لاجواب اعمال

شرف زہرہ کا موہنی منتر

مارچ کے لکی نمبرز

تسخیرات حاضرات موکلات

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

عملیات پر نایاب ونادر قلمی بیاضیں

صدیوں پرانی

برائے مہربانی کتاب وی پی پی کرنے پر اصرار نہ کریں۔ڈاک خرچ 50 روپے علیحدہ ہوگا

نام کتاب	تعارف
مجموعہ علم جفر، نجوم، عملیات (فارسی) 800 روپے	علم نجوم کے نقطے، بزرگوں کا نایاب تحفہ، قلمی کا عکس
مراۃ النجوم 700 روپے	حکیم غلام قادر کی مشہور زمانہ نایاب کتاب، لاہور
لگن آفتاب (حصہ اول) 550 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی کی ہندی نجوم پر قدیمی کتاب، لاہور طبع قدیم
لطیف النجوم 600 روپے	نجوم پر ایک مکمل کتاب حیدرآباد دکن 1939ء
علم نجوم اور علم عجیبہ 700 روپے	قسمت کا حال، بھاگیا چکر، طلسمات، قلمی کا عکس
ستاروں کی تاثیر 600 روپے	لکی نمبرز کے کلیہ جات، علم نجوم کے ہیئت، 1355ء
سراج الرمل (فارسی) 650 روپے	نجوم پر ایک نایاب کتاب، کانپور 1908ء
خلاصۃ النجوم 650 روپے	ہندی نجوم کے قاعدے، گرہ لگن پنچتر وغیرہ، لکھنو 1915ء
جوتش سار مالا 700 روپے	پنڈت کرشن کمار کتیلی کی نایاب تخلیق، امرتسر
جوتش کا قاعدہ 600 روپے	پنڈت رگھناتھ داس جوتشی، قواعد جوتش، لاہور
پرشن آفتاب 660 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی، سوال کا جواب جوتش سے، لاہور مطبوعہ قدیم
انتخاب النجوم 560 روپے	ماہنامہ برائے اودھی، علم نجوم پر قابل تعریف محنت، کانپور
آسان جوتش باتصویر 650 روپے	بخشی دیت پرکاش شبھا اور اشبھ مہورت نکالنا، کمیاب
ابجد النجوم 650 روپے	سید ابوالحسن کی ایک قابل تعریف کاوش، لاہور

نام کتاب	تعارف
النجوم 800 روپے	نہ بھلانے والی تحقیق، نجوم کی مکمل تعریف، قلمی کا عکس
کوک شاستر 1200 روپے	شاستروں پر تحریر کردہ راز کا خزانہ
عملیات قریشی 650 روپے	مجرب اعمال جن کی تلاش رہتی ہے (ڈاکٹر محمد ابراہیم)
طلسمات منازل قمر 650 روپے	قمری منازل کے طلسمات محمد عبداللہ، لکھنو چوک
بیاض عملیات 800 روپے	ذاتی مجربات علامہ شاد گیلانی
علاج مقناطیس 1300 روپے	ایسی قوتوں سے علاج کرنا جو انسان کے اندر پوشیدہ ہوں
ٹیلی پیتھی (حصہ اول) 600 روپے	پوشیدہ قوتوں کو بروئے کار لاکر کامیاب زندگی گزارنا
ٹیلی پیتھی سیکھیے 1100 روپے	ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی آسان مشقیں
گلزار تعویزات 750 روپے	تعویزات کی ایسی کتاب جس میں آسان عملیات
سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل 650 روپے	ہر آیت سے متعلق مختصر اعمال
عملیات کلام پاک 650 روپے	قرآن پاک سے مختلف بیماریاں، مشکلات کا حل (ثناءاللہ قادری چشتی)
عملیات فاروقی 650 روپے	مولانا بشیر احمد کی نہ بھولنے والی کاوش
اعمال قرآنی 700 روپے	قرآنی اعمال پر منتخب کتاب
محفل حاضرات 1050 روپے	حاضرات کے مختلف طریقے اور ان کے قواعد

نام کتاب	تعارف
مفتاح الحاجات 1050 روپے	نادر عملیات کا خزانہ
جامع الاسرار 600 روپے	وہ اعمال جن کی اکثر تلاش رہتی ہے
تحفہ مشکل کشاء 650 روپے	روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا آزمودہ حل
علاج بذریعہ جنتر منتر تنتر 570 روپے	پیچیدہ امراض اور مسائل کا حل، تحریر۔ بی آر ورما
حب سربستہ راز 650 روپے	حصول محبوب کے نایاب اور مجرب اعمال
ذخیرہ سکندر ذوالقرنین 670 روپے	طلسمات اور عملیات پر قدیمی کتاب
چشمہ طلسم 700 روپے	طلسمات کا خزانہ جس کے بعد کسی اور کی ضرورت نہیں
صبح کا ستارہ 600 روپے	قرانی فالنامہ و قرآنی عملیات
عمل تسخیر نظر 700 روپے	عملیات، مسخرات خاص و عام پر مشتمل کتاب
صحیفۃ النوار 450 روپے	خاص عملیات کا مجموعہ
تاثیرات اجتماع سیارگان 750 روپے	نجوم پر تحریر ہونے والی قدیمی کتب 1921ء
عملیات مقطعات 650 روپے	حروف مقطعات پر لکھی جانے والی جامع کتاب
عزیز الخلائق 550 روپے	زندگی میں مجرب مسخرات کا ایک نہ ایک عمل کافی ہوتا ہے یہ عملیات کا خزانہ ہے
مجربات سلیمانی 700 روپے	مشہور تعویزات و نقوش انتہائی آسان اور پُر تاثیر

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم

ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

روحانی ماہنامہ

تسخیر روحانیات

جلد نمبر 13 مارچ 2018ء شمارہ نمبر 9

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل

ڈائریکٹر

عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ

ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس)

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر) بابا صدف انبالوی علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی کامران بنگش شہزادر ضوان حسین شاہ منظور علی سموں زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
معجزات نبی کریمؐ	3	تسخیرات حاضرات موکلات	25
یوم تجدید عہد	5	شادی کیلئے خصوصی عمل	26
قرارداد پاکستان کا پس منظر	6	آداب اعمال نوروز	27
جنات کی روحانی واردات	8	مبارک ساعت تحویل آفتاب	28
ستاروں کی چال وظیفے کا کمال	12	آسان مجرب عملیات	30
ساعت نامہ شرف زہرہ	15	دہی کی افادیت	32
نوروز عالم افروز	16	یہ ماہ کیسا رہیگا؟	34
اعمال شرف زہرہ	17	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	40
حرف واو کے خواص	20	روزانہ کے لکی نمبر	41
حُب وتسخیر کے لاجواب اعمال	21	مارچ کے لکی نمبرز	42
نقش حزب الجبر، شرف زہرہ	22	پیغامات	45
شرف زہرہ کا موثی منتر	24	آپکی ڈاک	46

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خریداری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720/- روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کرکے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

جمادی الثانی، زکات سورۃ مزمل

نوچندا جمعرات یا اتوار کو بوقت تہجد اٹھیں پہلے وضو پھر غسل اور پھر وضو کریں۔ اس کے بعد نماز تہجد ادا کریں 313 بار کلمہ استغفار ورد ادا کرنے کے بعد 1 تسبیح درود مزمل اور 41 بار سورۃ مزمل پڑھی جائے۔ اس تعداد میں روزانہ 3 عدد کی کمی کرتے جائیں مثلاً پہلے روز 41 دوسرے روز 38 تیسرے روز 35 بار بالترتیب کم کرتے ہوئے 7 روز تک اس کا ورد کریں آخری یوم حسب توفیق شیرینی تقسیم کریں۔ یہی عمل ہر ماہ نوچندے، جمعرات یا اتوار کو کیا جائے تو اس سورۃ مبارکہ کی زکات ادا ہوگی۔ فضائل روحانی برکات اور تجلیات اس شخص پر افشاں ہونگے۔

پہلی رات کو دو رکعت پڑھے اور جو کچھ قرآن شریف سے درست تلفظ کے ساتھ یاد ہو اُس کی تلاوت کرے اور سلام کے بعد کثرت سے استغفار کا ورد کرے۔ دسوت تاریخ کو بارہ رکعتیں چھ سلام پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد **لایلاف** پڑھے اور نماز سے فارغ ہوکر سورۃ یوسف کی تلاوت کرے خدا تعالیٰ اس کو تنگدستی اور ہر طرح کے رنج و غم اور آفات زمانہ سے محفوظ رکھے گا ایضاً مہینے کے آخری دن 29 یا 30 کو مغرب کے بعد چار رکعتیں پڑھے اور سلام کے بعد صبح تک یا شمعلونی کی تسبیح پڑھتا رہے۔ تا سال آئندہ خلائق کی نظروں میں عزیز و محترم رہیگا۔

معجزات نبی کریمؐ

تحریر:۔ملک ذوالفقار علی اعوان (چکوال)

محترم دوستوں چند ماہ سے میں بلاتعطل روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں معجزات نبی کریم ﷺ ارسال کر رہا ہوں مگر بعض اوقات کسی خاص شرف یا مضامین کی زیادتی کی وجہ سے کبھی کبھار اشاعت سے میرا مضمون رہ جاتا ہے لیکن قارئین کا بے حد شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جو مجھے میری خوبیاں اور خامیاں گنواتے رہتے ہیں۔ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کی بڑھتی ہوئی شہرت کو دیکھتے ہوئے خوشی محسوس ہوتی ہے کہ میں بھی اس ماہنامہ کے ابتدائی لکھاریوں میں سے ہوں۔ اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے یہ عزت بخشی۔ اپنے سلسلہ کو جاری رکھتے ہوئے نبی رحمت ﷺ کے چند مزید معجزات آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں تا کہ ایمان تازہ رہے۔ یہ معجزات مجھے فارسی کی ایک کتاب سے دستیاب ہوئے کوشش کی گئی ہے کہ سلیس ترجمہ کر سکوں لیکن پھر بھی جملوں میں اگر کہیں جھول رہ جائے قبل از وقت معذرت چاہتا ہوں۔

ملک عرب راستوں کے پُر امن ہونے کی پیش گوئی:۔

صحیح بخاری میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ (صحابی ہیں اور حاتم طائی کے بیٹے ہیں) سے خطاب کر کے فرمایا کہ اگر عمر تیری بڑی ہوگی تو تو دیکھے گا کہ اکیلی شتر سوار عورت حیرہ کوفہ کے نزدیک سے چلے گی یہاں تک کہ طواف کعبہ کرے گی سوائے اللہ کے کسی سے نہ ڈرتی ہوگی اور اگر زندگی تیری زیادہ ہوگی تو کسریٰ کے خزانے کھولے جائیں گے اور اگر عمر تیری زیادہ ہوگی تو دیکھے گا کہ آدمی اپنی مٹھی بھر سونا اور چاندی خیرات کے لئے نکالے گا اور تلاش کرے گا ایسے شخص کو کہ اسے قبول کرے اور کوئی خیرات لینے والا نہ ملے گا۔

اس حدیث میں تین باتوں کی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ایک ملک عرب میں امن طریق کی کہ اکیلی عورت سفر دور دراز کرے گی حیرہ کہ ایک شہر ہے متصل کوفے کے وہاں سے مکہ تک بقصد حج باطمینان تمام جائے گی اور کوئی اس کا معترض حال نہ ہوگا اور دوسری فتح ملک ایران اور تقسیم وہاں کے خزائن کی اہل اسلام پر اور تیسری کثرت غناء کی بایں رتبہ کہ کوئی مفلس صدقہ لینے والا تلاش سے نہ ملے گا عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے کہا بعض روایت حدیث مذکور کہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ ایک عورت شتر سوار حیرہ سے کعبے کو اطمینان سے جاتی تھی اس لشکر میں، میں تھا جس نے فتح کیا خزانہ کسریٰ کا اور جو جئے گا وہ تیسری بات بھی دیکھے گا۔

حضرت سراقہؓ کے ہاتھ میں کسریٰ کے کنگن پہنائے جانے کی پیش گوئی:۔

بیہقی نے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ کیسا حال ہوگا کہ تمہارے ہاتھوں میں دونوں کنگن کسریٰ کے پہنائے جائیں گے پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں دونوں کنگن کسریٰ کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے انہوں نے سراقہ رضی اللہ عنہ (مشہور صحابی ہیں فتح مکہ میں مسلمان ہوئے ۲۴ ہجری میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں وفات پائی) کے ہاتھوں میں پہنائے اور کہا کہ شکر ہے اس اللہ کا جس نے یہ کنگن کسریٰ کے ہاتھوں سے چھینے اور سراقہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں میں پہنائے۔

وہ کنگن کسریٰ سونے کے بہت قیمتی تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس خبر کی تصدیق کی سراقہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں میں وہ کنگن پہنائے گئے جو کہ ان کے کندھوں تک پہنچے سراقہ رضی اللہ عنہ اسے پہنے رہے۔

سعد بن ابی وقاصؓ کے بیماری سے شفاء پانے کی پیش گوئی:۔

صحیحین میں سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ مکے میں ایام حجۃ الوداع میں بیمار ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کی عیادت کو تشریف لے گئے وہ بسبب غلبۂ مرض کے یہ جانتے تھے کہ میں اس مرض سے مر جاؤں گا۔ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میری وارث ایک بیٹی ہی ہوگی میں اپنے مال کے دو حصوں کے لئے خیرات کی وصیت کر جاؤں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں پھر انہوں نے عرض کیا کہ نصف مال کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں پھر انہوں نے تہائی مال کی عرض کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں تہائی بہت ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ توقع ہے کہ تم جیتے رہو یہاں تک کہ تم سے بہت لوگوں کو نفع ہو اور بہت لوگ تم سے فائدہ اُٹھائیں۔

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ مشہور صحابی ہیں عشرہ مبشرہ میں سے ان کے والد کا نام مالک تھا اور ابو وقاص کنیت زہری ہیں نسب ان کا زہرہ بن

کلاب تک پہنچتا ہے جو کلاب بن مرہ جد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے تھے۔انہوں نے موضع عقیق میں 55 ہجری میں وفات پائی اور عشرہ مبشرہ میں سب سے آخر میں ان کی وفات ہوئی۔

اس حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہا اس بیماری سے شفاء پائیں گے اور اتنی زندگی پائیں گے کہ بہت سے لوگوں کا بھلا اور بہت سے لوگوں کا بُرا ان کے ہاتھ سے ہوگا۔اس فرمان رسول ﷺ کے مطابق ایسا ہی ہوا کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہا بعد صحت کے ،اس بیماری سے قریب پچاس برس زندہ رہے اور مسلمانوں کو ان سے نفع عظیم ہوا، کفار ان مجوس کو ان سے ضرر عظیم پہنچا کہ عہد حضرت عمر رضی اللہ عنہ میں ملک فارس (ایران) ان ہی کے ہاتھ پر مفتوح ہوا۔ قادسیہ کی کہ جس میں تیس بتیس ہزار آدمی اہل اسلام کی جانب اور ڈیڑھ لاکھ مجوس تھے اور رستم بن فرخ زاد کو یزدجرد بادشاہ مجوس نے اپنے لشکر پر سپہ سالار کیا تھا ان ہی یعنی حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی حُسن تدبیر سے فتح ہوئی اور رستم مارا گیا اور شہر مدائن جو تخت گاہ سلاطین نوشیروانی کا تھا ان ہی کے جہاد سے قبضہ اہل اسلام میں آیا اور وہ خزانہ سفید محل کا کہ خاندان نوشیروانی میں قدیم سے چلا آتا تھا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نسبت اس کے خبر دی تھی کہ اہل اسلام اسے باہم تقسیم کریں گے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے ہی سبب سے اہل اسلام کے تصرف میں آیا اور ان میں تقسیم ہوا خیال کرنا چاہئے کہ کیا بڑا نفع اہل اسلام کو بسبب حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے پہنچا کہ سلطنت عظمیٰ قبضہ اہل اسلام میں آئی اور کروڑوں روپے کا مال نقد س وجنس اہل اسلام کے ہاتھ لگا اور کیا بڑا ضرر کافران مجوس کو حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے ہوا کہ ہزارہا آدمی تہہ تیغ ہوئے اور صدہا لونڈی غلام بنائے گئے اور ملک و مال ان کا سب چھن گیا بخوب وجہ مطابق خبر جناب صدق الصادقین صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہر ہوا۔

علامت قیامت:۔ اس حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان علامات قیامت میں کئی باتوں کا وقوع بیان فرمایا بیت المقدس کا فتح ہونا بعد از وفات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے، اس کے مطابق واقع ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایام خلافت میں بیت المقدس فتح ہوا حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح (مشہور صحابی ہیں عشرہ مبشرہ میں سے ہیں نام ان کا عامر بن عبداللہ بن جراح ہے اور ابوعبیدہ کنیت اور داد کی طرف منسوب ہو کے ابو عبیدۃ بن الجراح کہلاتے ہیں۔قریشی فہری ہیں فہر بن مالک جد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کا نسب پہنچتا ہے) نے کہ امیر الامراء افواج شام کے بعہد حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے قلعۂ بیت المقدس کو محاصرہ کیا قلعے میں ایک قسیس تھا اس نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی صورت دیکھ کے کہا کہ یہ قلعہ تمہارے ہاتھ پر فتح نہ ہوگا اس قلعے کے فتح کرنے والے کا نام اور حلیہ ہمارے ہاں لکھا ہوا ہے اس کا نام عمر رضی اللہ عنہ ہے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ کو اس مضمون سے مطلع کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود بیت المقدس کو تشریف لے گئے اس قسیس نے آپ رضی اللہ عنہ کی صورت دیکھتے ہی بیان کیا کہ یہی شخص ہیں جن کے ہاتھ پر قلعے کا فتح ہونا لکھا ہے اور فوراً قلعے کو خالی کر دیا۔اس فتح بیت المقدس میں دو دلیلیں نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہر ہوئیں ایک مطابق پیشین گوئی کے ہونا دوسرے ظاہر ہونا اس بات کا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کا حال بہ تفصیل کتب سابقہ میں تحریر ہے۔دوسرے بعد فتح بیت المقدس کے ایک وبائے عظیم کا ہونا اس کے مطابق واقعہ ہوا عمواس میں جہاں لشکر ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کا متصل بیت المقدس کے تھا 16 ہجری میں ایسی وبائے عظیم ہوئی کہ تین دن میں ستر ہزار آدمی مر گئے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اسی وباء میں وفات پائی۔تیسرے کثرت مال کی سو یہ امر بھی زمانہ خلفائے راشدین بالخصوص زمانۂ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ میں ہوا۔چوتھے ایک فتنہ عظیمہ کہ سب گھروں میں عرب کے داخل ہو جائے گا مراد اس سے فتنۂ قتل حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ہے کہ ایک بلاء عظیم اہل اسلام میں واقع ہوئی اور بہت سے مقاتلات اس کے سبب سے اہل اسلام میں واقع ہوئے حقیقت میں کم کوئی شخص اس فتنے کے آشوب سے بچا۔پانچویں واقع ہونا ایک صلح کا درمیان نصاریٰ اور اہل اسلام کے اور بعد اس کے بدعہدی کرنا نصاریٰ کا اہل اسلام سے اور اسی (80) کمپو لے کر چڑھنا اہل اسلام پر سو یہ قریب زمانۂ قیامت کے ہوگا اور حضرت امام مہدی اس لشکر پر فتح پا کر نصاریٰ کا استیصال کریں گے۔

علامہ خفاجی نے نسیم الریاض شرح شفاء قاضی عیاض میں لکھا ہے کہ تمیم داری سے جب وہ مسلمان ہوئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر مفتوح ہونے بیت المقدس کی بیان فرمائی تھی اور انہیں کچھ زمین وہاں معاف کر دی تھی تو جب بیت المقدس فتح ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ زمین تمیم داری کو دے دی تھی۔

محترم قارئین کرام میں نے اپنی طرف سے کوشش کی ہے کہ فارسی کا اردو زبان میں بہت آسان ترجمہ کیا جائے لیکن پھر بھی اگر کسی دوست کو پڑھنے میں دقت پیش آئے تو سمجھ لے کہ وہ عاشق رسول ﷺ عقیدت میں میری اس کوشش کو رائیگاں نہ کریگا۔ان شاء اللہ آئندہ ماہ ملاقات ہوگی۔

یوم تجدید عہد

تحریر:۔ کامران بنگش (لاہور)

ہمیں ماں جیسی دھرتی کے ساتھ حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہو کر اسے عظیم سے عظیم تر بنانے کے وعدے کی تجدید کرنی ہوگی

قوموں کی تاریخ میں بعض دن انتہائی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ 23 مارچ پاک و ہند کے مسلمانوں کے ارمانوں، جذبوں، امیدوں اور مقاصد کے حصول کا دن ہے۔ اسی تاریخ کو اسلامیان ہند نے بیسویں صدی کے عظیم مسلم رہنما، روح کارواں اور ملت کے پاسباں محمد علی جناح نے لاہور کے منٹو پارک میں مینار پاکستان کے سبزہ زار میں اے۔ کے۔ فضل حق کی قرارداد لاہور کو مسلمانوں کے لئے لائحہ عمل بنا کر سات سال کی انتھک جدوجہد، جرات، استقامت اور لازوال قربانیوں کی بدولت دنیا کے نقشے پر پاکستان کی شکل میں ایک اسلامی فلاحی ریاست کی بنیاد رکھی تھی جو صدیوں پر محیط انگریزوں کی غلامی کی زنجیروں میں جکڑے مسلمانوں کے لئے امید کی کرن ثابت ہوا اور ان کے استحصال کا ازالہ کر سکے۔

پاکستان بنانے والوں نے اپنا تن من دھن وقف کر کے ایک ایسے وطن کی تعمیر کی اور کروڑوں مسلمانوں کو ایک ایسا ملک تحفے میں دے دیا جو قدرتی وسائل سے مالا مال تھا اور جسے اگر وفا کے پیکروں کی اُمیدوں کے مطابق چلایا جاتا تو آج نہ صرف پوری قوم بلکہ پوری دنیا کے مسلمانوں کے امیدوں کا مرکز ہوتا۔ لیکن پاکستان کھانے والوں نے اپنے اسلاف اور بزرگوں کی لازوال قربانیوں، جدوجہد اور ارمانوں کو قدموں تلے روندتے ہوئے ایک ایسے وطن کا ستیاناس کر دیا جس پر قدرت کی دیوی پوری طرح مہربان ہے۔ دنیا گواہ ہے کہ میرے دیس کے کھیتوں کی مٹی میں لعل یمن، پہاڑوں میں سونے کے خزانے، دریاوں کے پانی میں مٹھاس اور مستی، ہواؤں میں چار موسموں کی چاشنی، صحراؤں میں اسے کے مکینوں کے ارمان اور سرسبز وادیوں میں ان کی زندگی کی رونقیں رواں دواں ہیں۔ پاکستان کے لئے کٹ مرنے اور گھر بار چھوڑنے والوں نے جس وطن کی بنیاد رکھی اور اسے ہمارے حوالے کیا ان کی روحیں آج تقریباً سات دہائیاں گزرنے کے بعد جب داغ اُجالے اور شب گزیدہ سحر کو دیکھتی ہیں تو حیرت سے تڑپ اٹھتی ہیں کہ سونا اگلنے والی سرزمین آج معاشی طور پر کیونکر کنگال ہے۔

آج کا دن عوام سے جان و مال کی قربانیاں مانگنے والے ان حکمرانوں کے لئے اپنے گریبانوں میں جھانکنے کا دن ہے، جن کا دیس 47 ارب ڈالر کا مقروض ہے جبکہ ان کے 200 ارب ڈالر سوئس بینکوں میں پڑے ہیں۔ یہ دن اُن لوگوں کے لئے بھی اپنے کرتوتوں پر پشیمان ہونے کا دن ہے جنہوں نے اِس کو دولخت کرنے کے بعد اُس کے خزانوں کو انتہائی بے دردی سے لوٹا۔ پی آئی اے، ریلوے، اسٹیل مل سمیت تقریباً تمام ہی منافع بخش اداروں کو برباد کیا اور بالاخر اسے اندھیروں میں دھکیل دیا۔

یہ دن وفا کے پیکروں کی ان قربانیوں کا مذاق اڑانے والوں کو بھی یاد دلاتا ہے کہ جس ملک کے وسائل کو وہ اپنے ذاتی مفاد، انا کی تسکین اور اقتدار کے مزے لوٹنے کے لئے انتہائی بے دردی سے لوٹ رہے ہیں۔ وہ اگر آج بھی اپنے اسلاف کی قربانیوں اور ارمانوں کو ایک لمحے کے لئے اپنی نظر کے سامنے رکھیں اور اُن لٹے پٹے قافلوں سے وابستہ داستانوں کو سمجھنے کی کوشش کریں تو شاید وہ ارض پاک پر ترس کھا کر اسے مزید نقصان پہنچانے سے گریز کریں۔

آج کا دن اُن لوگوں کے لئے بھی اپنی سوچوں، پالیسیوں اور لائحہ عمل پر نظرثانی کا موقع ہے جنہوں نے پنجابی، پشتون، بلوچی، سندھی اور اردو بولنے کو اپنی شناخت بنا رکھا ہے اور پاکستانی نہ بننے کی قسم کھائی ہے اور پچھلے 69 سالوں سے ایک دوسرے کے ساتھ برسرپیکار ہیں۔ اگر وہ آج بھی پاکستانی بننے کا عہد کریں، تو میرا یقین ہے یہ ملک سدھر سکتا ہے۔ آج کا دن ان لوگوں کے لئے بھی تجدید عہد کا دن ہے کہ جنہوں نے خود کو دیوبندی، شیعہ، بریلوی، اہل حدیث وغیرہ تک محدود کر رکھا ہے اور ایک دوسرے پر کفر کے ٹھپے لگاتے ہیں کہ سب بھائی بھائی بن کر آپس کے تفرقات اور فروعی اختلاف کو بھلائیں کیونکہ آج کے دن لاہور میں قرارداد پاکستان پیش کرنے والے صرف مسلمان تھے اور ان کی کوئی دوسری شناخت نہیں تھی۔

آج کا دن اُن لوگوں کے لئے خاص طور پر تجدید عہد کا دن ہے جنہوں نے اس ملک میں ناحق مظلوموں کے خون کی ندیاں بہائی ہیں اور جو اِس ملک کے کمزور

نظام سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔ یہ دن منانے کا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ سرکاری چھٹی کا اعلان کیا جائے، صدر اور وزیراعظم سمیت دیگر اعلیٰ عہدیدار پرانی تقریریں پڑھ کر خود کو بری الذمہ قرار دے کر اگلے دن پھر سے وہی سیاسی چالیں، وہی اُلٹے سیدھے بیانات کی بھرمار اور میرٹ کی دھجیاں اڑانے کے فارمولے پر عمل پیرا ہوں اور ٹی وی چینلز ملی نغمے چلا کر اگلے دن پھر سے بریکنگ نیوز کی دوڑ میں وطن کی ساکھ اور نیک نامی کے ساتھ کھیلنے لگیں۔

اگر آج کا دن بھی ہم گزشتہ سالوں کی طرح رسمی پیغامات، سیاسی تقریروں، قومی یکجہتی کے جھوٹے دعوؤں اور ملی ترانوں کے ریکارڈز چلا کر اور اپنا قومی ضمیر جھنجھوڑنے اور مستقبل کا لائحہ عمل طے کرنے کے بجائے خود کو اور پوری قوم کو جھوٹی تسلیاں دینے میں گزار دیں تو پھر اس ملک کا اللہ ہی حافظ ہے کیونکہ جو قومیں اپنا احتساب خود نہیں کرتیں، تاریخ گواہ ہے کہ زمین کے نقشے سے نیست و نابود ہو جاتی ہیں۔

آج کا دن تجدید عہد کا دن ہے اور ہمیں بحیثیت قوم ایمان، اتحاد اور تنظیم کے اصولوں پر گامزن ہو کر اس ماں جیسی دھرتی کے ساتھ اخلاص اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہو کر اسے عظیم سے عظیم تر بنانے کے وعدے کی تجدید کرنی ہوگی جس پر بدقسمتی کے بادل منڈلا رہے ہیں۔

خدا کرے کہ مری ارض پاک پر اترے
وہ فصل گل، جسے اندیشہ زوال نہ ہو
خدا کرے کہ مرے اک بھی ہم وطن کے لئے
حیات جرم نہ ہو، زندگی وبال نہ ہو

قرارداد پاکستان کا پس منظر

تحریر:۔
رضوان طاہر مبین
(کراچی)

22 تا 24 مارچ 1940ء کو لاہور کے منٹو پارک میں بنگال کے وزیراعلیٰ مولوی فضل الحق نے جو قرارداد پیش کی پیش کی وہ کچھ یوں تھی

''قرارداد پاکستان کہ اِس اجلاس کی نہایت سوچی سمجھی رائے یہ ہے کہ اِس ملک کے لیے کوئی آئینی منصوبہ نہ تو قابل عمل ہوگا اور نہ مسلمانوں کے لیے قابل قبول، جب تک اسے اِن بنیادی اصولوں پر استوار نہ کیا جائے اور ضروری علاقائی ردوبدل نہ کیا جائے اور یہ کہ ہندوستان کے شمال مغربی اور مشرقی علاقوں کی طرح جن علاقوں میں تعداد کے لحاظ سے مسلمان اکثریت میں ہیں۔ انہیں خودمختار ریاستیں قرار دیا جائے، جس میں ملحقہ اکائی آزاد اور خودمختار ہوں گے۔ اُن یونٹوں کی اقلیتوں کے مذہبی، ثقافتی، اقتصادی، سیاسی، انتظامی اور دیگر حقوق و مفادات کے تحفظ کی ضمانت دی جائے۔''

(آزاد بن حیدر کی 11 سو صفحات سے زیادہ ضخیم تصنیف 'تاریخ آل انڈیا مسلم لیگ، سرسید سے قائداعظم تک' سے ماخوذ)

قرارداد کے متن میں کہے گئے 'شمال مغربی علاقے' سے مراد آج کے پاکستان کہلانے والے علاقے ہیں اور جن مشرقی علاقوں کی طرف اشارہ کیا گیا۔ وہ 1971ء سے پہلے کہلانے والے مشرقی پاکستان اور آج کا بنگلا دیش مراد ہے، یا اُس میں بنگال سے جڑے ہوئے اسام وغیرہ کو بھی شامل کر لیجیے۔

اصل میں یہ صرف 1947ء میں 'پاکستان' بن جانے والے علاقوں کی قرارداد نہیں تھی، کیوں کہ قرارداد میں الفاظ ہیں کہ 'ہندوستان کے شمال مغربی اور مشرقی علاقوں کی طرح' یعنی 1947ء میں 'پاکستان' بننے والے علاقوں کو تو محض مثال کے طور پر برتا گیا۔

قرارداد کا متن بتا رہا ہے کہ زیادہ بڑا مسئلہ اِن علاقوں کے علاوہ ہندوستانی مسلمان تھے۔ چوں کہ قرارداد میں اُن ہندوستانی علاقوں کے ناموں کی وضاحت نہیں، اِس لیے ہم قیاس کر سکتے ہیں کہ اِن علاقوں میں یوپی، سی پی، بہار، مدراس، دلی، بمبئی اور حیدرآباد دکن وغیرہ شامل ہوں گے۔

یہاں تاریخ کے طالب علم مضطرب ہو کر کہیں گے کہ اِن تمام علاقوں میں تو مسلمان بہت بڑی تعداد میں ہونے کے باوجود اقلیت میں تھے۔ بالکل، یہ بات درست ہے کہ مجموعی طور پر مندرجہ بالا علاقوں میں مسلمان اقلیت میں ہی تھے، لیکن اِن صوبوں میں بہت سے اضلاع یا علاقے واضح مسلمان اکثریت کے حامل تھے۔ اِس کا بڑا ثبوت 46-1945ء کے متحدہ ہندوستان کے آخری انتخابات ہیں، جس میں تقسیم ہند کا فیصلہ ہوا۔ اِس چناؤ میں مسلمانوں کے لیے مخصوص کی گئیں 30 نشستوں میں سے 17 انہی علاقوں کی تھیں، جو پاکستان میں کبھی شامل ہی نہ ہو سکے۔ 30 میں سے 17 کا مطلب واضح اکثریت، یعنی 56 فی صد ہے۔ اِس کے باوجود انہوں نے مسلمانوں کی نئی مملکت کے حق میں ووٹ دیا اور یوں پاکستان کا قیام عمل میں آسکا۔

ریاست حیدرآباد دکن میں مسلمان اقلیت کے باوجود حاکم تھے۔ اِسی طرح ہندوستان کی اور بھی بہت سی ریاستیں اور صوبے مسلمانوں کی بہت بڑی تعداد کی حامل تھیں، یا وہاں ہندوؤں کی بھی بڑی تعداد موجود تھی، تب بھی وہاں 1947ء کے بعد فسادات وغیرہ نہ ہوئے، البتہ بٹوارے کے بعد باقی ماندہ ہندوستان میں مسلمانوں کی وفاداری مشکوک ہو چکی تھی۔ اِسی بنا پر بہت سے مسلمانوں نے اسی رویّے سے تنگ آ کر پاکستان ہجرت کی اور 1960ء اور 1970ء کے عشرے میں پاکستان آئے۔

قرارداد لاہور یا قرارداد پاکستان کے حوالے سے بیش تر دانشور اور اساتذہ صرف یہی سوالات اٹھاتے ہیں کہ اُس قرارداد میں تو ریاستوں کا لفظ تھا، اُسے 1946ء میں 'ریاست' کر دیا، لہٰذا ایک ریاست کے بجائے انہی ریاستوں کو بحال کیا جائے یا کم سے کم ایک وفاق میں انہیں برتر تسلیم کیا جائے۔ میں کسی ایک بھی 'دانشور' کے مرتبے پر بات کرنے کی اہلیت نہیں رکھتا، خود کو برصغیر کی تاریخ اور سیاسیات کا ادنیٰ سا طالب علم بھی نہیں بلکہ ایک عام سا شہری سمجھتا ہوں، اور اپنی ناقص عقل میں یہ بات بٹھانے کی سعی کرتا ہوں کہ واقعی یہ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں، مگر کیا کیجیے کہ یہ سوال بار بار اٹھتا ہے کہ 1940ء کی قرارداد ہو یا 46-1945ء کا ہندوستان کا آخری چناؤ۔۔۔ دونوں جگہ انتہائی واضح طور پر 1947ء میں بننے والے پاکستان کے علاوہ دیگر مسلمانوں کیلئے بات کی گئی یا اُن کا حصہ تھا۔ اب چاہے ہم یہ کہہ لیں کہ قائداعظم نے مجبوری میں یہ کٹا پھٹا ملک قبول کیا، لیکن تاریخی حقائق تو کم سے کم نہ بھولیں۔

آخر ہم تاریخ کو 'میٹھا میٹھا ہپ ہپ' سمجھ کر ہی کیوں دیکھتے ہیں؟ اِس کے وہ پہلو کیوں نہیں دیکھتے، جو ہمیں ذاتی طور پر ناپسند ہوتے ہیں؟ 23 مارچ 1940ء کی قرارداد ہمیں بتاتی ہے کہ اگر ہندوستان کے مسلمانوں کے مسئلے کو اِسی طرح حل کر لیا جاتا اور مسلمان اکثریتی علاقوں کو بطور خود مختار اکائیوں کے تسلیم کر لیا جاتا تو صورت حال الگ ہوتی۔ شاید متحدہ ہندوستانی وفاق کی بنیاد اِن مسلم خود مختار اکائیوں سے اِس طرح نتھی کر دی جاتیں کہ اِسے چھیڑنا اعلانیہ طور پر ہندوستان کے حصے بخرے کرنے کے مترادف ہوتا، تاکہ کسی بے ایمانی کی گنجائش نہ رہتی۔ اِس طرح مولانا ابوالکلام آزاد اور ان کے دیگر ہم نوا اکابرین بھی راضی خوشی ہوتے، جو اِسی وجہ سے پاکستان بنانے کی مخالفت کر رہے تھے کہ ہندوستان کا مسلمان تقسیم ہو جائے گا۔

تو یہ ہے قرارداد پاکستان کا اصل جغرافیہ جس پر کانگریس اور انگریز اگر آل انڈیا مسلم لیگ کی مدد کرتے تو برصغیر کے گزشتہ 72 برسوں کی تاریخ میں کتنا کچھ اچھا ہوتا۔۔۔ شاید!

حالت قمر

قمر در عقرب: 05 مارچ 18:22 تا 08 مارچ 03:02

ہبوط قمر: 05 مارچ 22:02 تا 23:52

قمر در ثور: 20 مارچ 06:06 تا 22 مارچ 10:29

شرف قمر: 20 مارچ 09:38 تا 11:24

شادی بیاہ کی تاریخیں

1.2.8.15.16.20.21.22.23.26.27.29

رقم ارسال کرنے سے قبل ہدایت

1۔ ادارہ کا فون نمبر 0300-6351192 موبی کیش (جازکیش)، یوبی ایل اومنی، ایزی پیسہ میں رجسٹرڈ ہے۔

2۔ ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔

3۔ لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کر رہے ہیں وضاحت کریں۔

4۔ رقم ارسال کرنے کے بعد، اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

ھ	ھ	
س	کھ	مسط
	معع	
	طم	

طلسم قمر

۵	۵	۵
ط	سھما	لا
۱۱۱	ع	س ص م م

طلسم عطارد

ممہ	مہ	د
عسر	لاع	ص
مسلسا	مکما	

طلسم زہرہ

عاھا	لامہ له
الالمس	کمص

طلسم مریخ

۵	۵	۵
ع	ع	اہ د ص
س	س	س

طلسم مشتری

معہ	عصہ	
علمسطہ		
مہ	مہ	
ما	ـــہ	

طلسم زحل

صہ		
طسل		
مھکمھع		
۵۱	۵۱	۵۱

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف و اوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

قسط 43 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم قارئین گزشتہ شمارہ میں ایک شخص کی آپ بیتی بیان کی جارہی تھی اسی سلسلہ کو مزید بڑھاتے ہوئے اس ماہ کی قسط شائع کی جاتی ہے کہ کس طرح ایک مجبور اور بے کس شخص جادوگروں کے چنگل میں پھنس گیا اور کس طرح دُنیا دار چالباز نے اُس کے گھر کو اجاڑ دیا وہ پریشان ہو کر اس احقر العباد محمد ایاز مزمل حسین شاہ کے پاس پہنچا اور اللہ نے قرآن پاک کے ذریعہ کیسے اس کی مدد کی۔

اکرم اپنے ساتھ بیتے واقعہ کو اس طرح بیان کر رہا تھا میں اپنے سفر پر بڑے اُلّو کی تلاش میں راولپنڈی کی طرف نکل پڑا کسی سے پتہ چلا کہ راول جھیل یا اُس کے قریبی جنگلات میں بڑی قسم کے اُلّو پائے جاتے ہیں مزید یہ بتایا گیا کہ آس پاس کے گاؤں کے لوگ یا شکاری مختلف قسم کے جانوروں اور پرندوں کا شکار کر کے چوری چھپے فروخت کرتے ہیں۔

اس مقصد کیلئے میں اکیلا ہی نکلا کسی دوست سے گاڑی اُدھار لی کہ کسی کو کان وکان اس بات کی خبر نہ ہو کہ میں کہاں اور کس مقصد کیلئے جا رہا ہوں؟ کیونکہ آج کے دور میں جادو اور جنات پر یقین اور اعتماد رکھنے والے لوگ بہت کم ہیں۔ قرآنی علوم پر جو بھروسہ اور اعتماد تھا اُسکو بھی میڈیا نے ختم کر دیا ہر چیز کو منفی انداز سے دکھا کر۔ شاہ صاحب اس دُنیا میں اچھائی اور بُرائی ساتھ ساتھ ہیں۔ ہمارے معاشرہ میں مولوی، موچی سے لے کر اعلیٰ ترین حکمران تک بددیانت ہیں مگر کچھ اچھے لوگ بھی ہیں جن کی بدولت یہ دُنیا قائم ہے۔

میں اپنے سفر پر الیلا روانہ تھا گاڑی کی رفتار 110 کے لگ بھگ تھی میری گاڑی کے سامنے اچانک ایک سایہ نمودار ہوا انتہائی بھیانک چہرہ تھا میں اس خوفناک چہرہ کو کبھی نہیں بھول سکتا ہوں اور یوں لگا کہ جیسے ہر طرف اندھیرا چھا گیا ہو گہرا سیاہ دھواں تھا کچھ نظر نہیں آ رہا تھا۔ اب ایسے لگا کہ جیسے میری گاڑی کو کسی نے اُچھال کر گہرے گڑھے میں پھینک دیا ہے۔ میرے جسم پر منوں کے حساب سے وزن تھا۔ بس اتنا یاد ہے کہ میری زباں سے لفظ اللہ نکلا۔ پھر کچھ خبر نہ رہی۔

شاہ صاحب مجھے جب ہوش آیا تو میں زخمی حالت میں ایک گھر میں لیٹا ہوا تھا۔ یہ کچا اور بڑا ہوا دار کمرہ تھا ایک بوڑھا شخص میرے پاس بیٹھا تھا میرے ہوش میں آتے ہی اُس نے کسی کو مخاطب کیا۔

شانو! مجھے لگتا ہے کہ مرا نہیں ہے ہوش میں آ رہا ہے تو گرم دودھ لے آ میں اسے کچھ پانی پلاتا ہوں۔ آنکھیں مکمل طور پر کھول کر دیکھا تو دھندلی آنکھوں میں نظر آیا کہ مزدور جیسا بوڑھا چہرہ میرے سامنے تھا اُسکی عمر تقریباً 65 یا 70 سال تھی۔

ہمت کر کے یہ پانی پی لو۔ اس نے پنجابی لہجہ میں اردو بولتے ہوئے پانی کا پیالہ مجھے تھماتے ہوئے کہا۔

پانی پینے کے بعد میں دوبارہ غنودگی کی حالت میں چلا گیا خوفناک چہرے نظر آ رہے تھے وہی کالا سایہ اسی کیفیت میں دکھائی دیا میرے جسم میں زور سے ایک جھٹکا لگتا پھر ایسے لگا کہ میں چارپائی سمیت تیزی کے ساتھ نیچے کی جانب جا رہا ہوں گھبراہٹ میں نے چارپائی کے دونوں اطراف مضبوطی سے پکڑ لی۔ میرے پورے جسم پر کپکپی اور لرزہ طاری ہو گیا جسے دیکھ کر وہ بوڑھا زور سے چیخا اور چلایا۔

شانو! جلدی کر قرآن لے آ۔ اس کو ہوا دے۔ لگتا ہے کہ اسے اوپری سایہ ہو گیا ہے۔ ہمارے نزدیک علاقہ میں تو کوئی سیانہ بھی نہیں جس کے پاس اس کو لے جائیں۔

''یا اللہ رحم، یا اللہ رحم'' وہ گھبرائی ہوئی آواز میں بار بار دُہرا رہا تھا۔

ایک عورت جس کی عمر تقریباً 55 یا 60 برس تھی دیہاتی لباس میں آئی۔ اس کے ہاتھ میں قرآن پاک تھا۔ اُس شخص نے مجھے جب اُسکی ہوا دی ایسے لگا کہ جس طرح میں واپس دُنیا میں آ رہا ہوں۔

اُس نے قرآن رکھا مجھے دودھ کا پیالہ آگے بڑھاتے ہوئے کہا کہ اسے پی لو۔ اب میرے جسم میں کچھ جان محسوس ہو رہی تھی لیکن آس پاس دور سے کچھ سائے نظر آ رہے تھے ایسا لگ رہا تھا کہ جیسے میں ذہنی توازن کھو رہا ہوں۔ اس دوران مجھے جو کچھ قرآنی آیات اور وظائف میرے ذہن میں آ رہے تھے اُنکا ورد شروع کر دیا۔ آہستہ آہستہ مجھے اپنی حالت بدلتی ہوئی محسوس ہوئی اور اب میں اپنے آپ کو پہلے سے بہتر سمجھ رہا تھا مجھے اس گھر میں 5 گھنٹے کا وقت گزر چکا تھا شام ہو چلی تھی پورا جسم درد کے مارے ٹوٹ رہا تھا۔ میں سمجھ گیا کہ غیبی قوتیں میرے مقصد اور منزل کی تکمیل میں رکاوٹ

ڈال رہی ہیں۔عہد کرلیا کہ اب اپنے آپ کو حصار کے اندر رکھوں گا۔وضو کیا اچانک خیال آیا کہ گاڑی کو دیکھ لوں کہ کیسی ہے؟ باہر نکل کر دیکھا تو مجھے قریب کوئی گاڑی نظر نہ آئی۔ پریشان ہوگیا۔

بزرگوں میں ایک گاڑی میں تھا اس کے بعد مجھے خبر نہیں کیا ہوا؟ میری گاڑی کہاں ہے؟ بیٹا آپ کی گاڑی ایک چھوٹی کھائی میں گر گئی تھی ہمارے گاؤں کے کچھ لوگوں نے اُسے سیدھا کیا اور باہر نکال دیا ہے کسی کو یہاں گاڑی چلانے نہیں آتی تھی اس لئے آپ کی گاڑی بالکل اچھی حالت میں اُسی کھائی کے پاس ہے یہاں سے 10 منٹ کا راستہ ہے آپ بے فکر رہو۔ آپ کی گاڑی کہیں نہیں جاتی۔ میں نے عہد کرلیا کہ جب تک صبح نہیں ہو جاتی میں جائے نماز سے نہیں اُٹھوں گا میرے دل میں اس خونی حادثہ اور شیطانی قوتوں کا خوف اتنا تھا کہ اب نیند کا آنا ناممکن تھا۔

لہذا قضاء نماز کے بعد میں جائے نماز پر بیٹھ گیا رات 9 بجے اُن بزرگ نے کھانا لا کر دیا میں نے اُن سے درخواست کی

بابا جی کیا میں آج رات یہاں رہ سکتا ہوں میری جسمانی اور ذہنی حالت درست نہیں۔ اُن بزرگ نے پُر جوش انداز میں کہا یہ گھر آپکا ہے جب تک مرضی رہو ہم غریب دیہاتی لوگ ہیں جو کچھ خدمت ہو سکی کریں گے۔ جب تک آپکی طبیعت ٹھیک نہیں ہو جاتی آپ یہاں سے نہ جائیں مجھے حوصلہ ہوا۔

اپنا وظیفہ رات 11 بجے پڑھنا شروع کر دیا دیکھتا ہوں کہ جیسے پورا کمرہ ہل رہا ہوں پھر ایک جانب سے بڑا سا سانپ نمودار ہوا اور بڑھنے لگا۔اسی دوران یوں لگا کہ میں ایک کشتی پر سوار ہوں اور وہ کشتی ہچکولے کھا رہی ہے۔ یا اللہ یہ کس مصیبت میں پھنس گیا ہوں دل کی دھڑکن تیز ہوئی جا رہی تھی۔میرا مکمل جسم پسینے میں شرابور تھا خوف اور دہشت میں مزید اضافہ ہوگیا سانپ مسلسل میری جانب بڑھ رہا تھا۔کشتی اور زیادہ تیز ہچکولے کھا رہی تھی میرے ذہن سے یکسر نکل چکا تھا کہ میں حصار میں ہوں جیسے ہی وہ اژدھانما سانپ میرے قریب آیا اور پھر اچانک غائب ہوگیا۔ پھر مجھے احساس ہوا کہ میں حصار میں ہوں۔ یہ احساس ہوتے ہی سب منظر بدل گیا اب ہر طرف سکون تھا نہ سانپ اور نہ کشتی۔

اپنا وظیفہ ختم کیا رات کا ڈیڑھ بج رہا تھا۔نیند آنکھوں سے بہت دور تھی دل و دماغ پر زور پڑا، دھڑکن تیز ہوگئی سانس رُکتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔ سامنے دیکھتا ہوں کہ ایک سیاہ قامت کا بڑا سایہ میری طرف دوڑتا آ رہا تھا۔ اتنا خوفناک کہ آج بھی اس کا تصور کرتا ہوں تو میرے رُونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اس بار پھر ذہن سے نکل گیا کہ میں حصار میں ہوں بچپن میں اسمائے الحسنیٰ یاد کئے تھے اس بار بے اختیار اونچی آواز سے ان اسمائے الحسنیٰ کا ورد جاری ہوگیا۔سایہ مسلسل میری جانب بڑھ رہا تھا جی چاہا کہ اُٹھ کر بھاگ جاؤں، میرا جسم اتنا بھاری ہوگیا تھا کہ بالکل حرکت نہ کر سکتا تھا۔ میں نے اسمائے الٰہی کا ورد نہ چھوڑا اس کی برکت تھی کہ کچھ لمحہ بعد وہ سایہ غائب ہوگیا۔ دیکھتا ہوں کہ جیسے ہی ورد ختم کیا وہ پھر نمودار ہوگیا کہنے لگا کہ تم اپنے ارادے سے باز آجاؤ ورنہ میں تمہیں مار دونگا۔ میرے ذمہ ہے کہ تمہیں ہر قیمت پر کامیاب نہ ہونے دوں۔ میں سخت کشمکش میں تھا کہ یا خدا کیا کروں؟

کیونکہ بابا کمالے کا کوئی رابطہ نمبر بھی نہیں تھا تا کہ بندہ موبائل پر بات کر سکے مجھے یقین ہوگیا کہ یہ جنگ مجھے اکیلے ہی لڑنی ہے۔ اس اردہ کے بعد ایسا لگا کہ کوئی غیبی طاقت میرا ساتھ دے رہی ہے یہ غیبی طاقت ہی مجھ سے یہ سب کچھ کروا رہی ہے۔یقین تھا کہ یہ سب توکل کا نتیجہ ہے۔

لہذا آیت الکرسی چاروں قل اور ایک ایک تسبیح **یا حافظ یا حفیظ** کی پڑھ کر حصار کی نیت سے اپنے اوپر دم کیا اور تین بار اپنا دایاں ہاتھ زور سے زمین پر مارا میرے اس حصار لگانے پر قرآن کی برکت سے وہ شیطانی قوت فوری غائب ہوگئی اس غیبی روحانی قوت نے یہ بات دل میں ڈالی کہ تمام رات

یا حافظ یا حفیظ حسبنا اللہ نعم الوکیل و نعم المولی و نعم النصیر اس کا ترجمہ اور مفہوم ذہن میں رکھ کر صبح تک یہ ورد جاری رکھوں۔

اس ورد کا مطلب ہی اتنا خوبصورت تھا کہ اے حفاظت میں رکھنے والے بے شک اللہ ہی میرا ہم طرف ہے اور اللہ ہی میرا مددگار ہے۔

صبح ہوئی تو میں اپنے اندر ایک نئی توانائی محسوس کر رہا تھا کہ جیسے اب میں ہر خوف اور دہشت سے باہر نکل چکا ہوں اللہ تعالیٰ نے مجھے میرے مقصد میں کامیاب کر دیا مجھے اس ذکر پر اتنا بھروسہ ہوا کہ ناشتے کے بعد اجازت لے کر اپنے سفر کی جانب نکل پڑا گاڑی کے قریب پہنچا تو وہ ایسے لگا کہ جیسے کوئی حادثہ ہوا ہی نہ ہو۔ اب میں اپنے آپ کو طاقت ور اور توانا سمجھ رہا تھا ایسا گمان ہو رہا تھا کہ کوئی روحانی قوت ہر دم میرے ساتھ ہے۔تین یا چار لوگ جو کہ اس گاؤں کے تھے میرے قریب آگئے کہنے لگے۔

صاحب جی کیا ہوگیا تھا؟ اللہ نے آپ کو بہت بچایا۔ یہ چھوٹی سی چار پانچ فٹ کی کھائی تھی جس میں آپ کو کوئی نقصان نہ پہنچا۔ یہ لوگ خود ہی وضاحت اور ہمدردی جتا رہے تھے یہ اُن کا خلوص اور محبت تھی۔ میں نے اُنکا شکریہ ادا کیا مزید کوئی بات کئے بغیر اپنی منزل کی جانب بڑھ گیا۔

تمام رستہ اسی ورد کو جاری رکھا ذہن میں مختلف قسم کے خیالات اور

وہمات آرہے تھے لیکن مجھے کلام الٰہی پر بھروسہ تھا سفر بخیریت گزر گیا۔

پنڈی پہنچ کر چند لوگوں سے ملا اور پھر ایک شخص مجھے راولپنڈی کے نزدیک ایک گاؤں میں لے گیا اُس نے دس ہزار کا مطالبہ کیا کہ میں آپکو بڑا اُلو دے سکتا ہوں۔ میرے لئے یہ رقم ادا کرنا کچھ مشکل تھا لیکن جب میں نے اُلو دیکھا تو اُسکا حجم تقریباً ڈھائی فُٹ تھا۔ ایک لکڑی کے پنجرہ میں بند تھا۔ میں نے گاڑی کی ڈگی میں وہ پنجرہ رکھا اور اوپر کپڑا ڈال کر ڈگی بند کر نے کے بعد اُسکو مطلوبہ رقم دی، واپس اپنے سفر پر روانہ ہوگیا۔ رات 9 بجے اپنے شہر پہنچا اور سیدھا بابا کمالے کے پاس گیا۔

تُو نے بہت دیر کر دی میں تو انتظار ہی کرتا رہا میں نے کہا اب نہیں آئیگا۔ پھر خیال آیا کہ ہوسکتا ہے کہ اُسے نہ ملے کل رات سے ایک کالے رنگ کی چیج (چیز) میرے گھر میں گھسنے کی کوشش کر رہی ہے بڑا سا قد ہے چاروں طرف پریشان پھر رہی ہے لیکن میری چیزوں نے اُسے روکا ہوا ہے ۔تُو نے اتنی دیر کہاں لگا دی بابا کمالے نے ایک ہی سانس میں خود سوال و جواب کرتے ہوئے میری طرف نظریں گاڑھتے ہوئے پوچھا۔

باباجی آپ نے مجھے مروانے کا پورا پروگرام بنا دیا تھا ایک تو آپ کے پاس کوئی موبائل نہیں کہ بندہ رابطہ کر لے میں مصیبت میں پھنس گیا تھا کسی چیز نے مجھے اُٹھا کر ایک گڑھے میں پھینکا پھر گاؤں کے لوگوں نے میری مدد کی ایک رات وہاں رہا اگلے دن یہ پرندہ لے کر میں آپ کے پاس آ گیا۔ پنجرہ ایک کونے میں رکھتے ہوئے اُس کو بتایا۔ اور اسی کالی چیز نے میرا حشر کر دیا تھا۔ بابا کمالے کو مختصر تمام واقعہ سُنایا اس نے بڑی لاپرواہی، بے توجہی سے سُنا، جیسے اس کے لئے یہ معمول کی بات ہو۔

بابا نے نظر اُٹھا کر اُلو کی طرف دیکھا ہاں یہ ہی چاہیے تھا۔ اب دیکھ میں کرتا کیا ہوں تو اسے یہاں چھوڑ جا۔ ہاں ایک بات سُن مجھے ایک مٹی کی بڑی کنالی ایک چھری، رسی، گوگل، ہرمل، لوبان، کالے رنگ کا چار میٹر کپڑا، سندور، بڑی سوئی کے دو پیکٹ، روئی کا ایک بنڈل، چار بڑے چراغ اور ایک کلو سرسوں کا تیل لا دے جلدی جا اور لے آ۔

میں دل ہی دل میں سوچ رہا تھا کہ اس بابا نے مجھے کس کام پر لگا دیا ہے اب رات کو 9 بجے میں یہ چیزیں کہاں سے پوری کرتا رہوں مگر میرے دل میں انتقام کی آگ تھی اس لئے بابا کمالے سے مزید کوئی سوال و جواب کئے میں اپنے دوسرے مشن پر نکل گیا۔ کسی بھی طرح سے یہ تمام لوازمات پورے کئے جو کہ میرے ذمہ لگائے گئے تھے رات کو ساڑھے گیارہ بجے پھر بابا کمالے کے سامنے حاضر تھا لو باباجی اب یہ سامان بھی آ گیا۔

اب تو جا اور صبح میرے سے مل۔ بابا کمالے نے منہ میں کچھ بُڑبڑاتے ہوئے کہا۔

باباجی رات کو کچھ ہوگا تو نہیں کیونکہ پہلے ہی میں بڑی مصیبت سے نکل آیا ہوں آپ کو میں باقی تفصیل کل بتاؤں گا۔

جا تو، اللہ خیر کرے گا کچھ نہیں ہوگا اور ہاں بات سُن یہ اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جا اور یہ پکڑ۔ اس نے سیاہ رنگ کی کوئی شئے میرے ہاتھ میں تھماتے ہوئے کہا۔

ابھی چند قدم چلا تھا کہ اس نے پیچھے سے آواز دی اور یہ بھی لیتا جا اکرم بابا کمالے نے چار چھریاں میری طرف بڑھاتے ہوئے کہا انہیں اپنے کمرہ کے چاروں کونوں میں گاڑھ دیو۔

باباجی کمرہ تو پکا ہے۔ میں کہاں انکو گاڑھوں گا۔

اچھا تو ایسا کر انکو کمرہ کے چاروں کونوں میں رکھ دیو۔ رات کو اپنا کڑا لازمی کریو۔ اگر کوئی خوف آئے تو اپنا کلام پڑھنا شروع کر دیو ڈرنا نہیں کچھ بھی نہ ہوگا۔ بابا کمالے نے میرے اندر اعتماد کی قوت پیدا کرتے ہوئے کہا۔

میں وہ چھریاں لے کر اپنے کمرہ میں پہنچ گیا اُس کے کہنے کے مطابق کمرہ کے چاروں کونوں میں رکھ دی اور ایک بڑی عجیب سی شے جو اُس نے پہلے مجھے پکڑائی تھی تکیہ کے نیچے رکھ دی۔ حصار کیا اور اپنا ورد کرتے ہوئے بہت جلد نیند کی آغوش میں چلا گیا۔

رات 3 بجے کے قریب چیخنے اور چلانے کی آوازوں سے میری آنکھ کھل گئی۔ جا کر دیکھا تو میری بیوی بُری طرح سے خوف کے مارے چلا رہی تھی اُس نے اپنا دل پکڑا ہوا تھا بچے خوفزدہ حالت میں اُس سے چمٹے ہوئے تھے اور وہ مسلسل ایک کونے میں گھورے جا رہی تھی مچھلی کی طرح سے تڑپتی، پھر گردن کو پکڑ لیتی کہ مجھے بچا لو۔ چلا کر کہنے لگی کہ یاسر کو فون کرو، مارے خوف اور دہشت کے اُسکا بُرا حال تھا بچے چیخ چیخ کر اُس سے لپٹے ہوئے تھے رو رہے تھے بچوں کی حالت دیکھ کر مجھے ترس آیا میں اُنکو چُپ کروانے کیلئے آگے بڑھا تو اُس نے غصہ میں میری طرف گھورتے ہوئے کہا کہ ہمارے قریب نہ آنا۔

پھر دیکھتا ہوں کہ کمرہ میں مٹی کے گرد کی طرح سے کچھ اُڑ رہا ہے میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے بچوں کی حالت دیکھ کر مجھے نہایت ترس آ رہا تھا مگر اُس عورت کی وجہ سے میں بے بس تھا۔

کچھ وقفہ کے بعد اُنکے شور شرابے کی آوازیں کم ہوتی گئیں۔ تقریباً 45 منٹ گزرے، بیرونی دروازہ کھلنے کی آواز آئی۔ میں نے اپنے کمرہ سے

جھانک کر دیکھا تو یاسر گھر میں داخل ہو رہا تھا میرے تن بدن میں آگ لگ گئی کہ گھر کے دروازے کی چابی بھی اُسکے پاس تھی۔ وہ بڑی تیزی سے اُن کے کمرہ کی جانب بڑھا اُس کے جانے کے بعد میں دبے پاؤں اُنکے کمرہ کے قریب پہنچا۔ کان لگا کر سُنا تو میری بیوی کا سانس پھولا ہوا تھا خوف اور دہشت کے مارے اُس کے منہ سے لفظ بھی صحیح طرح ادا نہ ہو پا رہے تھے۔

یاسر میں سو رہی تھی کہ یوں لگا کہ جیسے جیسے کوئی اُلو بڑا سا اُلو بہت وحشی تھا وہ میرے سینہ پر چڑھ کر بیٹھ گیا اُس نے اپنے پنجے میرے دل میں گاڑھ دیئے اسکے بعد پھر وہ چیخ کر رونے لگی۔ کچھ وقت سسکیاں لے کر اپنے آپ کو سنبھالنے کی کوشش کرتی رہی اور دوبارہ سے اُس نے روداد سُنانا شروع کی۔

یاسر ہمدردی کے انداز میں اُس کا ہاتھ پکڑے یہ سب کچھ بڑی توجہ سے سُن رہا تھا اسکے چہرے کے تاثرات سے ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ بھی معاملے کو سمجھنے کی کوشش کر رہا ہے۔

وہ اُلو اپنی چونچ سے میری آنکھوں کے ڈیلے نوچ رہا تھا۔ میں گھبرا کر جاگی تو وہ اُڑ کر اُس کونے میں کھڑا ہو گیا اور پھر اُس نے دوبارہ سے مجھ پر حملہ کیا جس سے میری چیخیں نکل گئیں۔ خوفزدہ ہو کر بچوں نے بھی رونا شروع کر دیا اور پھر کمرہ میں گرد و غبار پھیل گیا۔ میں مر جاؤنگی یاسر مجھے بچالو کسی نے مجھ پر بہت سخت جادو کروادیا ہے۔ وہ اُلو مجھے مار دیگا۔ خوف اور دہشت کے مارے اُسکا جسم کانپ رہا تھا۔ چہرہ آنسوؤں سے تر تھا وحشت زدہ ماحول بنا ہوا تھا۔ مجھے یہ سب کچھ دیکھ کر بہت رونا آیا۔ اپنی بے بسی پر دل ہی دل میں ماتم کر رہا تھا۔ کاش یہ عورت کچھ سمجھداری سے کام لے لیتی یہ نوبت نہ آتی۔

اب مجھے اندازہ ہوا کہ یاسر نے کس حد تک میرے بیوی بچوں کو اپنے قابو میں کر لیا ہے کہ وہ مصیبت اور پریشانی کے وقت بھی بجائے اپنے باپ کے اُس غیر آدمی (یاسر) کو یاد کر رہے تھے۔

تم فکر نہ کرو جس نے بھی یہ حرکت کی ہے میں اُسکا بُرا حشر کروادونگا۔ سائیں جی نے جو تعویز تمہیں پاس رکھنے کیلئے دیا تھا وہ کہاں ہے؟ یاسر نے اُسکی گردن کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔

میری بیوی نے اپنے گلے پر ہاتھ پھیرا اور کہنے لگی کہ میں نے کل نہاتے ہوئے وہ اتار کر لٹکا دیا تھا وہیں ہوگا۔ یاسر دوڑتا ہوا تعویز لینے کیلئے نکلا۔ میں لمحہ بھر اُس جگہ سے نکل کر اپنے کمرہ میں آ گیا محسوس ہوا کہ جیسے وہ واپس آیا اور پھر سے گیا کان لگا کر سُنا تو کہنے لگا کہ اُدھر تو کوئی تعویذ نہیں ہے۔

صبح تم بچوں کو اسکول نہ بھیجنا ہم سائیں جی کے پاس جائیں گے اور تم نے اپنی پوری بات مکمل طور پر اُنکو بتانی ہے۔ وہ چاروں طرف کمرہ کو گھور رہی تھی میں نے کھڑکی کے کونے سے جھانکتے ہوئے دیکھا۔

کیا اب بھی وہ پرندہ تمہیں کمرہ میں کہیں نظر آ رہا ہے یاسر نے اُس سے سوال کیا اور خود بھی کمرہ کا جائزہ لینے لگا۔

نہیں! جب میں نے چلانا شروع کیا تو وہ مجھ سے دور ہٹ گیا اور اُس کونے میں جا کر پھڑ پھڑاتا رہا اُسکے ایسا کرنے سے کمرہ میں گرد و غبار پھیل گیا تھا اور ہم خوف کے مارے چیخ رہے تھے پھر کچھ وقت بعد وہ یہاں سے چلا گیا۔ آج رات تم یہیں رُک جاؤ یاسر کیونکہ صبح ہم نے جانا ہے مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔ ٹھیک ہے میں آج رات یہیں رُک جاتا ہوں۔

اچھا تم یہ بتاؤ کہ اکرم واپس آیا کہ نہیں؟

ہاں وہ رات 12 بجے واپس آ گیا تھا، میری مدد کو وہ کمرہ میں داخل ہوا میں نے اُسے کمرہ سے باہر نکال دیا تھا۔ اتنا تو میں بھی سمجھتی ہوں کہ یہ سب اُسی کا کیا دھرا ہے جیسا کہ سائیں جی نے بتایا تھا کہ وہ بھی جادو کے وار تم پر چلا رہا ہے اور اُس کا ہر وار سائیں جی اپنے علم سے ضائع کر دیتے ہیں۔ مجھے مکمل یقین ہے یاسر کہ یہ سب اُسی کی کارستانی ہے۔ وہ روتے ہوئے انداز میں سب کچھ بتا رہی تھی۔

تم بے فکر رہو صبح جائیں گے سب حقیقت کھل کر سامنے آ جائیگی۔ ہم صبح 9 بجے سائیں جی کے پاس جائیں گے۔

مجھے اُنکی باتیں سُن کر اپنی فکر پڑ گئی کہ صبح اگر اُنہیں یہ معلوم ہو گیا کہ میں نے یہ سب کچھ کروایا ہے تو وہ پہلے سے زیادہ میرے دشمن ہو جائیں گے۔ جس سائیں جی کے پاس وہ جاتے تھے۔ اُس کا سفر تقریباً ڈیڑھ سے دو گھنٹے کا تھا میں مطمئن تھا کہ میں اُن کے پہنچنے سے پہلے بابا کمالے کے پاس چلا جاؤنگا۔ رات پھر یہی فکر ستاتی رہی کہ کیا کروں؟

دو رات کا جاگا ہوا تھا سخت نیند بھی آ رہی تھی مگر پریشانی کی وجہ سے کروٹیں بدلتے ہوئے رات گزری۔ آپ خود اندازہ کریں کہ شاہ صاحب میرے بیوی بچوں کے ساتھ ایک غیر شخص میرے بیڈ روم میں سو رہا تھا اور میں بے بس اپنے کمرہ میں موجود کروٹیں بدل رہا تھا۔ میرا دل بہت گھبرا رہا تھا خود اپنی سی ہمت کر کے پھر اپنے آپ کو تسلیاں دیتا رہا۔ اچھا صبح دیکھیں گے کبھی خیال آتا کہ بابا کمالا خود اُن سے نبٹ لے گا۔ یہ عجیب کیفیت تھی میں نہ زندوں میں تھا اور نہ مُردوں میں، یہ کہتے ہوئے اکرم کی حالت غیر معمولی محسوس ہو رہی تھی جیسا کہ اُس کے دل کی دھڑکن میں اضافہ ہو گیا ہو پھر اُس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔

اکرم نے اپنے آپ کو کچھ سنبھالنے کی کوشش کی۔ (جاری ہے)

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	01	07:34 تا 08:34	17:18 تا 18:16	مشرق	21:21 تا 22:23	جنوب مشرق

دشمن تباہ ہو

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لئے یا اس کے کاروبار کو بند کرنے کے لئے عمل کر سکتے ہیں، یاد رہے کہ معمولی رنجش کی بناء پر یہ عمل کرنے والا خود بڑی مصیبت میں گرفتار ہو جائے گا۔ عمل صرف ایسی جگہ کیا جائے کہ جو شخص ناجائز طریقہ سے حاصل کئے گئے مال و دولت کے ذریعے غرباء اور شریف لوگوں کو بلا وجہ تنگ کرتا ہے، دوران عمل سمت مغرب کی اختیار کریں اس وقت سے قبل ان جگہوں کی مٹی حاصل کر لیں۔

(عمل) گدھے کے لیٹنے کی جگہ کی مٹی + عیسائی قبرستان کی مٹی + کھنڈر مکان کی مٹی + فقیر کی جھونپڑی کی مٹی + مسلمان قبرستان کی مٹی + صحرائی ریت + خودکشی سے مرنے والے کی قبر کی مٹی کو ایک جگہ جمع کر لیا جائے۔ اوپر دیئے گئے وقت اور سمت کے مطابق 80 بار سورۃ الہب بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے پڑھی جائے، اس مٹی کو جس شخص کو تباہ و برباد کرنا ہو اس کے دکان یا مکان میں ڈال دیا جائے۔ (مٹی ایسی جگہ ڈالی جائے جہاں بے حرمتی کا اندیشہ نہ ہو)، وہ شخص جلد ہی تباہ و برباد ہو جائے گا، ناجائز عمل کرنے والا یا کسی کو ناحق تکلیف پہنچانے والا اس عمل کے اثر سے چند دن میں ہی خود تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔

زہرہ تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	01	09:31 تا 10:31	13:24 تا 14:23	مشرق	23:24 تا 00:26	جنوب مشرق

محبوب مسخر ہو

(مقصد عمل) یہ نظر حُب و تسخیر محبوب سے ملاقات، محبوب کو پیغام بھیجنا، مال و دولت کے حصول جیسے کاموں کیلئے موثر مانی جائیگی۔

بیشتر قارئین نے انعامی بانڈ میں اول انعام کے حصول کیلئے عمل کی درخواست کی یہی وہ وقت ہے کہ جب آپ انعامی بانڈ میں درجہ اول کے انعامی نمبر کے حصول کیلئے کوشش کر سکتے ہیں انشاءاللہ نیت خالص رہی تو انعام دور نہ ہوگا۔

(عمل) جو لوگ تسخیر دولت چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ دیئے گئے جدل پہلی ساعت میں زرد رنگ کا ایک بڑا ریشمی کپڑا لیں اس کپڑے پر تمام پرائز بانڈ پھیلا کر رکھ دیئے جائیں اور حصول انعام کی آیت **یغنھم اللہ من فضلہ** (سورۃ النور آیت نمبر 33) کا ورد لاتعداد کریں جیسے ہی ساعت ختم ہونے لگے۔ باری تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا کریں اول روز سے ہی حصول انعام کی نیت رکھ کر آغاز کریں۔

نقش بنانے کیلئے آیت مبارکہ کے اعداد مجموعہ میں اپنے نام کے اعداد کا اضافہ کر دیں۔ اس کے علاوہ اسم الٰہی **یا منعم** کے اعداد بھی شامل کر دیں۔ نقش کے اوپری جانب **یا صوفیائیل** اور نیچے **السید شمھورش** کندہ کریں۔ نقش آبی چال مربع چاندی پر بنایا جائے دوسری جانب طلسم زہرہ اور مشتری کندہ ہوں جس میں مال و دولت کی حصول کا تقاضا کیا گیا ہو ایسی خاص اور جاندار لوح تیار ہوگی کہ اس کے اول اثر سے حصول انعام ممکن ہوگا اور دوسرا اس لوح کا فائدہ یہ ہوگا کہ مال و دولت کا حصول بہت آسان ہو جاتا ہے جب تک لوح رہیگی۔

مثالاً سے بات سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔ مثلاً

نام سائل	محمد علی	202
اعداد آیت:۔	یغنھم اللہ من فضلہ	2186
اسم الٰہی	یا منعم	211
	میزان	2599

عطارد تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	02	10:25 تا 11:25	17:21 تا 18:20	جنوب مشرق	21:22 تا 22:23	جنوب مغرب

ملازمت میں ترقی

(**مقصد عمل**) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کے خواہاں ہوں

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

اور کسی بھی صورت کوئی امید نظر نہ آتی ہو ذیل کے عمل سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں

(عمل) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد 4000 بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں ان شاء اللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی نقش بنانے کیلئے **یا رافع** کے عدد 351 سے نقش مربع بادی پر کریں اور اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔

عطارد قران زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	04	07:34 تا 09:31	14:23 تا 16:19	جنوب	21:21 تا 22:23	شمال مغرب
منگل	20	08:20 تا 10:21	15:23 تا 17:24	شمال مشرق	22:23 تا 00:22	شمال

پسند کی شادی کیلئے

(مقصد عمل) س عمل سے ایسے لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کسی بھی مطلوبہ شخص سے شادی کے خواہش مند ہوں یا ان کی شادی میں رکاوٹیں ہوں یا نکاح کی بندش کی گئی ہو۔ یہ عمل ایک طلسم پر مبنی ہے۔ طلسمات میں ایک خاص قوت ہوتی ہے جو کہ فوری اثر انداز ہوتے ہیں۔

(عمل) قبل از وقت چھوٹی مکھی کا شہد حاصل کر لیا جائے۔ اول 20 بار درود شریف + اسم "یاودود" کا ورد 4000 بار +20 بار درود شریف + 7 قطرے اپنے خون کے شہد میں حل کر کے رکھ لیں۔ جس شخص کو اپنے تابع کرنا ہو اس کو یہ شہد کھلا دیں ہمیشہ کے لئے مسخر ہو جائے گا ہر طرح کا حکم بجا لائے گا۔ اس عمل کو ناجائز ہرگز استعمال نہ کریں۔

عطارد تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	11	10:29 تا 11:28	17:18 تا 18:16	مغرب	22:23 تا 23:24	جنوب

عمل شر

(مقصد عمل) یہ عمل شر ہے گزشتہ کئی بار ذکر کیا جا چکا ہے کہ عمل شر نہایت تیز اثر مگر خطرناک ہوتے ہیں ناجائز جگہ پر استعمال کئے جائیں تو اس کے نتیجہ میں خود عمل کرنے والے کو سزا بھگتنا پڑتی ہے۔ موکلات اور جنات جب تک عمل کرنے والے کو سزا نہ دیں سکون سے نہیں بیٹھتے۔ عمل صرف اس جگہ کیا جائے جہاں جائز اور اشد ضرورت ہو۔ یہ عمل سخت ترین دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنے کے لئے ہے۔

(عمل) قبرستان سے ایسی قبر کی مٹی جمع کی جائے کہ بعد قبرستان کے تل سے پانی لے کر اس مٹی کو گوندھ کر دشمن کا ایک تصوراتی پتلا بنا لیا جائے۔ اب اس پتلے کو عمل کے وقت سامنے رکھ کر 80 بار سورۃ الہب" بغیر بسم اللہ اور بغیر درود کے پڑھیں اور اس پتلہ پر پھونک دیں۔ جس پر دشمن کا تصور کیا جائے اس پتلے پر سوئی کی نوک سے 80 بار حرف "ف" لکھا جائے اس پتلے کے سینہ پر دشمن کا نام مع والدہ لکھا جائے اب اس پتلہ کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دبا دیں۔ گھر واپسی پر 800 روپے کی کوئی نمکین شے بچوں میں تقسیم کریں۔ عمل سے قبل حصار لازمی لگا لیں۔

زہرہ تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
منگل	13	11:25 تا 12:24	15:22 تا 16:21	شمال مغرب	22:23 تا 23:23	شمال مشرق

سزا بدکاری

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسی عورتیں جو بدکاری اور غیر شرعی فعل کی مرتکب ہو یا جو زبان درازی بہتان اور اسی قسم کے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہوں ان کو سزا سینے یا ان بداعمال سے باز رکھنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے یا مرد اور عورت کو سزا دینے کے لیے یا ان کے ناجائز تعلق کو ختم کرنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں گدھا، گھوڑا، کتا یا بلا وغیرہ یا کسی بھی حرام جانور کی ہڈی پر اس طلسم کو پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔ اور جب تک یہ ہڈی جل کر خاکستر نہ ہو اُس وقت تک ان طلسماتی الفاظ کو پڑھتے رہیں جب ہڈی جل جائے تو اُس کی راکھ کو اُٹھا کر اُس مکان میں یا اُس جگہ پر پھینک دیں جہاں پر ایسا بدکار شخص رہتا ہو ان شاء اللہ چند ہی یوم میں وہ شخص اپنی بدکاری سے باز آ جائے گا پڑھتے ہوئے اُس شخص کا تصور اور اپنے مقصد کا دھیان رہے وہ طلسم جو اس وقت پڑھا جائے گا وہ یہ ہے

اھطم فشذ ھب ھب لا مھو لا ھتا۔

نقش بنانے کے لیے 442 عدد کا مربع آتشی اس ہڈی پر لکھیں نیچا اپنا مقصد تحریر کریں۔ بدکار شخص کا نام اگر متبرک ناموں میں سے ہے تو نام لکھنے کی بجائے اس وقت صرف اُس شخص کا تصور کیا جائے اور اگر نام متبرک نہیں

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

ہے مثلاً گلو، بالا، کالا وغیرہ یعنی عرف عام مشہور ہے تو یہی لکھا جائے گا۔

شمس تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	14	09:30 تا 10:25	16:21 تا 17:21	شمال مشرق	23:23 تا 00:24	شمال

تسخیر خلق

(مقصد عمل) آپ اس نظر کے دوران کسی ایسے شخص کے دل میں اپنی محبت الفت پیدا کر سکتے ہیں جو کہ کسی محکمہ میں اعلیٰ افسر ہو یا کسی ایسے بڑے عہدے پر فائز ہو کہ اس کے اس عہدے سے آپ اپنا کام نکلوالیں یا کسی سے آپ قرض لینا چاہتے ہو اور وہ شخص قرض دینے کے لیے تیار نہ ہو اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) ایک تسبیح درود شریف +1 تسبیح استغفار + سورۃ النصر 240 بار + یاودود 200 بار +1 تسبیح درود شریف دعا مقصد یعنی اپنے مقصد کی دعا کریں۔ کسی سفید کاغذ پر دعا سورۃ النصر ایک بار لکھیں نیچے اسم اعظم یاودود 20 بار لکھیں آخر میں مقصد عبارت تحریر کریں مثلاً یا الٰہی (اپنا نام مع والدہ) کی خصوصی محبت (جس سے کام لینا ہے اسکا نام مع والدہ) کے دل میں فوری پیدا فرمادے۔ روزانہ بعد نماز فجر 20 بار یاودود اول آخر درود شریف 20 بار پڑھ کر اس کاغذ پر پھونک ماردیں بعد تحریر اس کاغذ کو لپیٹ کر ہوا میں لٹکا دیں۔ ہر روز فجر کی نماز کے بعد مقررہ تعداد اسم اعظم پڑھ کر پھونک دیں۔

شمس تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	24	08:20 تا 10:21	15:23 تا 17:24	جنوب مغرب	22:23 تا 00:22	مغرب

غلبہ مخالفین

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں مخالفین پر غلبہ حاصل کرنا اور ان میں آپس میں پھوٹ پڑوانے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے یا وہ افراد اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔ جن کو خدشہ ہو کہ دو یا چار لوگوں کے ملنے سے اُن کو نقصان پہنچتا ہے۔ یاد رہے کہ ناجائز عمل ہرگز فائدہ نہ دیگا۔

(عمل) سیاروں کی نظر میں مقصد سے کام لینے کیلئے آیت عداوت ایک کاغذ پر 9 بار اس طرح تحریر کریں کہ **والقینا بینھم** (پہلے مخالف کا نام) **العداوت** (دوسرے مخالف کا نام) **والبغضآء الا یوم القیمہ** اس طرح 9 سطروں میں تحریر کرنیکے بعد ہر سطر کو ایک دوسرے سے جدا کر دیں۔ تمام عمل لکھتے وقت اور جدا کرتے وقت آیت عداوت پڑھتے جائیں۔ الگ کی گئی سطروں کو لپیٹ کر پلاسٹک چڑھا کر محفوظ کر لیں۔ اب 9 عدد لیموں میں تیار کی گئی سطروں کو ہر لیموں کے درمیان رکھیں اور اس لیموں کو 9 عدد سوئیوں سے بند کر دیں۔ قبرستان میں ایک قبر چھوڑ کر دوسری قبر کے درمیان یہ لیموں کو دباتے جائیں۔ اور 9 بار آیت عداوت کا ورد کرتے جائیں۔ گھر واپسی پر غسل کریں اور لباس تبدیل کر لیں۔ روزانہ آیت عداوت 90 بار دشمن کے گھر کی جانب منہ کر کے پڑھیں۔ دوران عمل سرخ، میرون یا سیاہ لباس ہو اول تا آخر بسم اللہ کی جگہ تکبیر پڑھیں یعنی بسم اللہ اللہ اکبر عمل شر ہے اس وجہ سے درود پاک نہ پڑھا جائیگا۔ عمل خوب سوچ سمجھ کر کریں بعد اختتام عمل نمکین شے پر خیرات لازمی کریں۔ بطور صدقہ سوجی قبرستان میں ڈال دیں۔

شمس تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	29	08:13 تا 09:15	12:20 تا 13:22	شمال	19:28 تا 20:27	مشرق

دشمن کو تکلیف

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر نحس مانی جاتی ہے اس خاص نظر کے تحت دشمن کو تکلیف میں مبتلا کرنا یا تباہ و برباد کرنا یا اُس پر پریشانی مسلط کرنا جیسے اعمال کئے جاتے ہیں۔ قارئین معمولی رنجش کی بناء پر عمل کرنے سے گریز کریں۔

(عمل) متذکرہ بالا نظر کے تحت سورۃ الکوثر کچی مٹی کی اینٹ پر چاروں طرف تحریر کریں۔ آخری آیت کے آخر میں لفظ ابتر 3 بار لکھیں اور 3 بار ہی دشمن کا نام لکھیں اگر دشمن کے جسم میں تیز حرارت اور بے چینی پیدا کرنے کا خیال ہو تو اس اینٹ کو دہکتی آگ میں رکھ کر 108 بار سورۃ مبارکہ کا ورد کریں اور اگر تباہ و بربادی کا خیال ہو تو بہتے ہوئے پانی میں ڈال کر سورۃ مبارکہ 80 بار پڑھیں۔ عمل کی رجعت سے محفوظ رہنے کیلئے تل اور شکر قبل از عمل قبرستان میں پھینک دیں۔

شرف زہرہ

جب سیارہ زہرہ برج حوت کے 27 درجہ پر پہنچتا ہے تو شرف کی قوت حاصل کرتی ہے۔ خواتین سے متعلقہ اس سیارے کی شرفی قوت میں تسخیر خلق، تسخیر خواتین، دفع امراض زنانہ یہ خاص وقت حُب تسخیر کیلئے اعمال نقوش اور الواح تیار کئے جاتے ہیں۔ وہ افراد جو کہ ازدواجی زندگی میں ناخوش ہوں یا جن کی اپنی شریک حیات سے بات نہ بنتی ہو لڑائی جھگڑے میں وقت گزرتا

ہو یا ایسی بیٹیاں جو کہ اپنے سسرال میں ناخوش رہتی ہوں اہل خانہ کے طنز و طعنہ سے پریشان ہوں یعنی سسرال میں عزت نہ ہو اس خاص وقت میں فائدہ اُٹھا سکتی ہیں۔ یا وہ افراد جو کہ من پسند شادی کرنا چاہتے ہوں یا وہ افراد جو کہ اپنی محبت میں کسی کو گرفتار کرنا چاہتے ہوں کہ محبوب ہر وقت اُسکا دم بھرتا رہے۔ شرف زہرہ کی خاص قوت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں ہر سال اس خاص وقت میں اہل علم الواح تیار کرتے ہیں مگر یاد رہے کہ لوح بنانا ہر ایک کے بس کی بات نہیں جیسا کہ سوشل میڈیا پر ایسے ایسے نام نہاد روحانی اسکالر نظر آتے ہیں کہ جن کو روحانیت اور نجوم بارے میں ذرہ برابر علم نہیں ہوتا اور دعوے ایسے کہ آسمان سے تارے توڑ لائیں گے ایسے افراد سے بچنا چاہیے کہ وہ آپکا روپیہ پیسہ اور وقت دونوں برباد کرتے ہیں۔

اس سال شرف زہرہ 03 مارچ بروز ہفتہ 23:39 تا 04 مارچ 18:55 تک رہیگا۔ اس دوران زہرہ کی درج ذیل ساعتیں میسر آئیں گی۔

پہلی ساعت 04 مارچ 00:27 تا 01:30 جنوب

دوسری ساعت 04 مارچ 07:40 تا 08:38 جنوب

تیسری ساعت 04 مارچ 14:22 تا 15:19 جنوب

نوروز عالم افروز

نور روز عالم افروز 20 مارچ 2018ء بروز منگل 21 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران شمس برج حمل کے صفر درجہ پر ہوتا ہے۔ شاکا تقویم کے مطابق نئے سال 1940 کا آغاز ہوگا اس نئے شاکا سال کی ابتداء میں بوقت نوروز سوا کلو گندم سوا کلو باجرہ اور سوا کلو سوجی پرندوں اور حشرات الارض کو ڈالی جائے تو مکمل سال آفات، بلیات اور مصیبتوں سے محفوظ رہیں گے۔ نوروز عالم افروز پر جعفریہ اور مزمل روحانی جنتری 2018ء میں خاص مضامین شائع کئے گئے ہیں اس کے علاوہ ماہنامہ تحفہ روحانیات شمارہ مارچ میں بھی قارئین کیلئے بہت خاص مضامین کا اہتمام کیا گیا ہے۔

رجعت مشتری در عقرب

09 مارچ 2018ء کو انعامی اسکیموں میں جیت، مفت کی دولت، منافع بخش کاروبار کا حاکم سیارہ مشتری برج عقرب میں رجعت پذیر ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ مشتری شوگر، بلڈ پریشر اور امراض جگر پر بھی حاکم ہے برج عقرب میں مشتری کی یہ رجعت 10 جولائی کو ختم ہوگی اس دوران یہ سیارہ اپنے نحس اثرات ظاہر کریگا یعنی کے وہ تمام تر احکامات جو کہ مشتری کی مستقیم ہونے کی وجہ سے مثبت انداز سے ظاہر ہوتے تھے اب تمام تر منفی ہو جائینگے یعنی کہ ایسے افراد جن کا تعلق برج سرطان، عقرب، قوس اور حوت سے ہے درج بالا معاملات میں نہایت محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ متذکرہ بالا بروج سے متعلقہ افراد جمعرات کے روز اپنے برج کا صدقہ لازمی دیں یا خاص طور سے مشتری کا صدقہ جو کہ مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری میں دیکھ کر دیں۔ تا کہ آئندہ آنے والی کسی بھی مصیبت یا پریشانی سے بچا جا سکے۔

نوٹ) مشتری کی رجعت ڈوبی ہوئی رقم بھی واپس دلواتی ہے۔ یاد رکھیں 09 مارچ تا 10 جولائی 2018ء مشتری سے منسوب نگینہ پکھراج، یا ذرد عقیق، حجر القمر، شجری فیروزہ ہرگز استعمال نہ کریں۔ مشتری کی رجعت میں پہنا گیا نگینہ آپکو مزید رجعت میں مبتلا کر دیگا اگر کوئی شخص 09 مارچ 2018ء سے پہلے درج بالا نگینہ جات استعمال کر رہا ہے تو ایسے شخص کو مشتری کی رجعت نقصان نہ دیگی۔ اس دوران رجعت مشتری سے بچنے کیلئے لوح شرف مشتری خاص پاس رکھنا مبارک ثابت ہوگا۔

رجعت عطارد در حمل

سیارہ عطارد جو کہ جوزا اور سنبلہ کا حاکم مانا جاتا ہے۔ 23 مارچ 2018ء کو در حمل رجعت اختیار کر رہا ہے عطارد کی رجعت میں اس سے منسوب تمام امور ناقص ہو جاتے ہیں مثلاً عدالتی اور پنچایتی فیصلے، تعلیم، عقل، علم اور قلم یعنی تحریر و تقریر سے متعلقہ شعبے کہیں نہ کہیں اپنی کمزوری کو ظاہر کرتے ہیں۔ عطارد کی یہ رجعت اسی برج میں 15 اپریل کو ختم ہو رہی ہے۔ ایسے افراد جو کہ ذہنی دباؤ کا شکار ہوں یا نفسیاتی مریض ہوں یا ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہوں یا وہ افراد جن کا عزیز و اقارب سے کسی بات پر تنازع ہو عطارد کی رجعت کے دوران محتاط رہیں خاص طور سے حمل، جوزا، سنبلہ اور میزانی افراد اپنے برج سے متعلقہ صدقہ دیں یا عطارد کا خاص صدقہ بروز بدھ ملے جلے اجناس دوپہر 1:30 تا 02 بجے پرندوں کو ڈال دیا کریں۔

نوٹ) رجعت عطارد کے دوران یعنی 23 مارچ تا 15 اپریل عطاردی نگینہ فیروزہ پہنا مناسب نہ ہوگا کیونکہ اس سیارے کی رجعت صاحب نگینہ کو بجائے فائدہ کے نقصان دے گی جسے عام زبان میں کہا جاتا ہے کہ یہ نگینہ اس شخص کو راس نہ آیا۔ راس نہ آنے کی بنیادی وجہ اُسی نگینہ سے منسوب سیارہ کی رجعت، وبال یا گردش ہوتی ہے۔ جس بناء پر وہ نگینہ راس نہیں آتا۔

ہولی یکم مارچ 2018ء

نوروز عالم افروز

بادشاہ سال مریخ — 20مارچ2018ء بروز منگل 21بجکر17منٹ — سپہ سالار شمس

وزیر اعظم مشتری — مشیر سال زہرہ



خوراک

برنگ سرخ کھٹے میٹھے پھل
مسور کی دال

صدقات برائے ردِ بلا و مصیبت

گوشت، کباب، ساگ، لال مرچ، خمیری روٹی، کھٹے میوے، تل کا تیل

خیرات دفع پریشانی و مشکلات

بروز منگل رات 08:30 گوشت کا صدقہ دیں

سال رواں اسم اعظم

یَا حَیُّ یَا قَیُّوم

روزانہ بعد نماز عشاء 900 بار

رنگ و لباس

سرخ اور میرون

نگینہ و پتھر

سرخ یاقوت، عقیق سرخ

درخت

ترش کانٹے دار، تلخ درخت

خوشبو

صندل اور تیز ترین خوشبو

لوح شرف شمس برائے عزت، مال دولت شہرت، غلبہ دشمن، فتح کامیابی نصرت موثر ہوگی

معلیٰ بن خنیس نے فرمایا ہے کہ جب نوروز کا دن آئے تو غسل کرے، پاکیزہ لباس پہنے خوشبو لگائے اور اس دن کا روزہ رکھے۔ جب نماز ظہر و عصر اور ان کے نافلہ سے فارغ ہو تو چار رکعت نماز دو دو کر کے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ قدر اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ کافرون، پھر آخری دو رکعت میں سے پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ توحید اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ الناس کی قرت کرے۔ نماز تمام کرنے کے بعد سجدہ شکر کرے اور اس میں یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدِ الْاَوْصِیَآءِ الْمَرْ ضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَآ ئِکَ وَرُسُلِکَ بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِکَ وَبَا رِکْ عَلَیْھِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِکَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِھِمْ وَاَجْسَادِھِمْ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ لَنَافِیْ یَوْمِنَا ھٰذَاالَّذِیْ فَضَّلْتَہٗ وَکَرَّمْتَہٗ وَشَرَّفْتَہٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَھَا اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْمَآ اَنْعَمْتَ بِہٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَآ اَشْکُرَ اَحَدً اَغَیْرَکَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ مَا غَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ غَنِیْ عَوْنُکَ وَحِفْظُکَ وَمَا فَقَدْتُّ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَکَ عَلَیْہِ حَتّٰی لَآ اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْہِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

مندرجہ ذیل طلسم کو مشک و زعفران سے لکھ کر آب زمزم کے پانی سے دھو کر پئیں۔ وبا و امراض جسمانی سے محفوظ رہیگا۔ اس طلسم کو وقت مقررہ میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہننے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

ا لا = ۹ ۱ ۱ لا = ۱۱۱ محطے

تحفہ روحانیات
حب و تسخیر

اعمال شرف زہرہ

ماہر روحانیات محمد ایاز منزل حسین شاہ

زہرہ حسن و جمال کا پیکر مانی جاتی ہے۔ سیارہ زہرہ کو برج حوت کے 27 درجہ پر شرف ہوتا ہے بوقت شرف زہرہ اس کی مثبت قوتیں اپنے عروج پر ہوتیں ہیں درجہ شرف با کمال حیثیت رکھتا ہے لیکن زہرہ کے شرف کے وقت عزت شہرت تسخیر مستورات تسخیر خلق تسخیر حیوانات چرند پرند درند کیلئے خاص عمل کئے جاتے ہیں۔ سب سے بڑھ کر کسی خاص شخص کو مسخر کرنے کیلئے درجہ شرف زہرہ اپنی حیثیت میں مجرب مانا جاتا ہے۔ چند خاص اعمال بوقت شرف زہرہ آپ قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں ایسے آسان ترین اعمال ہیں جنہیں ہر شخص کر سکتا ہے۔ وہ افراد جو کہ لوح بنانے کے فن سے ناواقف ہوں دوسرے درجہ کی زہری شرفی قوت سے کام لے سکتے ہیں یعنی بوقت ساعت شرف زہرہ ورد اوراد کر کے یا طلسم بنا کر اپنا مقصد حاصل کر سکتے ہیں۔ ذیل کے تمام اعمال بوقت شرف زہرہ کریں۔ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں شرف زہرہ کا وقت اور ساعتیں مع رجال الغیب شائع کر دی جاتی ہیں۔

تاحیات دوستی قائم ہو

جب زہرہ کا شرف شروع ہو اور اس وقت میں ساعت زہرہ مبارک مل جائے ذیل کی آیت شریفہ کو معہ اوّل و آخر درود شریف بارہ بارہ مرتبہ کسی شیرینی یا شکر چینی پر دم کرے اور نام طالب و مطلوب مع والدہ یہ شیرینی کھلائیں شکر چینی کا شربت پلائیں یا اور کسی طرح کھلائیں باہم ایسی دوستی ہوگی کہ پھر جدائی درمیان نہ آئیگی۔ اگر ساعت زہرہ کے وقت میں فوری طور پر میٹھی چیز اپنے محبوب کو نہیں کھلا سکتے تو اس وقت میں اول آخر درود شریف بارہ بار اور ذیل کی آیت 108 بار پڑھ کر رکھ لیں پھر جب بھی موقع ملے یا خاص طور سے جمعہ کا دن میسر ہو تو بہت جلد اثرات ظاہر ہونگے۔

وَجَعَلْنَا مِنْ م بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْن۔

الٰہی فلاں بن فلاں کے دل میں میری محبت شدید پیدا فرما دے تا حیات وہ مجھ سے جدا نہ ہو۔

(نوٹ) آیت اور نیچے کا مقصد دعا ہر بار اسی طرح پڑھنا ہے۔ جو لوگ نقوش بنانے کے فن سے واقف ہوں وہ ذوالکتابت نقش بنا سکتے ہیں۔

ہمیشہ تابع رہے

جب ساعت زہرہ بوقت شرف زہرہ آئے تو اس خاص ساعت میں اسم الودود جو کہ مشہور زمانہ اسم الٰہی خاص طور سے کسی کے دل میں پیار محبت اور دیوانگی پیدا کرنے کیلئے ورد کیا جاتا ہے۔ ساعت زہرہ میں **یا ودودُ الودود** ایک ہزار بار الا یچی پر دم کریں جب بھی موقع ملے یہ الا یچی کسی بھی بہانے اُس شخص کو کھلا دیں جس کو آپ مسخر کرنا چاہتے ہوں۔ ہمیشہ کیلئے آپ کے تابع رہیگا۔

پائے خاک محبوب

کلام الٰہی کی برکت سے کیا کچھ ممکن نہیں اللہ تعالیٰ نے سال مہینوں ہفتوں دنوں اور گھنٹوں منٹوں سیکنڈوں میں ایسی ایسی حکمتیں پوشیدہ رکھیں ہیں جنہیں سوچ کر انسان کی عقل دنگ رہ جاتی ہے ساعت شرف زہرہ خاص میں اپنے محبوب کے دائیں پاؤں کی مٹی اُٹھائیں دائیں ہاتھ سے یہ مٹی اُٹھا کر ذیل کی دُعا مبارکہ 600 بار ورد کریں اب اُس مٹی کو محفوظ کر لیں۔ رات کے وقت دہکتی آگ میں یہ مٹی ڈال دیں محبوب کے دل میں آتش عشق پیدا ہو گی۔ آگ میں صرف ایک چٹکی مٹی ڈالیں اس سے زیادہ نہیں باقی مٹی سنبھال کر رکھیں۔ یاد رکھیں کہ مٹی صرف اپنے دائیں ہاتھ سے اُٹھا کر مٹھی میں دبا کر پڑھنی ہے۔ دعائے مبارکہ پڑھنے کے بعد مٹی پر نہیں پھونکنی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يا شمعينا الذى يقلب الشمس من المغرب الى المشرق

عمل حُب (منسوب حضرت قطب المدار شاہؒ)

بزرگوں سے منسوب دعائیں اور اعمال بلا شبہ مجرب ہوتے ہیں۔ وہ اعمال جن میں بزرگوں کی سند شامل ہو کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں رکھتے ذیل کا عمل حضرت قطب المدار شاہ بدیع الدین مدار ادام اللہ الانوار سے بطبع منسوب ہے دعائے فتح حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ ہر کام کو انجام تک پہنچانے کیلئے اور ہر مقصد میں کامیابی کیلئے مقصد خواہاں کسی قسم کا

بھی ہو لیکن جائز شرعی ہو تو یقیناً کامیابی ملتی ہے۔ چاہے رزق روزی کی وسعت چاہتے ہوں یا امراض سے نجات حصول مراد یا کسی بھی قسم کے جادو کا خاتمہ اس دعا کی برکت سے ممکن ہے۔

مگر اس خاص موقع شرف زہرہ کی نسبت یہ عمل قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں بوقت ساعت شرف زہرہ ایک سو ایک مرتبہ اُس کھانے والی چیز پر پڑھا جائے جو آگ پر نہ پکائی گئی ہو جیسے کچا دودھ، میوہ، انگور، بادام، کشمش، چھوہارے وغیرہ پڑھ کر جس کو کھلائے وہ اسی کا کلمہ پڑھے۔ حضرت شاہ مدار رحمۃ، الکردگار کی کرامت ہے کہ آپ کے مزار پر بھی پکا ہوا کھانا نہیں جاتا ہے۔ اس باعث سے اس عمل کی بلا جھجک کھانے پر اجازت معلوم ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ بَشْمَخُ وَالْاَعَامُ شِيْطِيْئُوْنَ اَللّٰهُمَّ

حُب کا نہایت مجرب عمل

ذیل کا عمل بھی کسی بزرگ خاص سے منسوب ہے شرف زہرہ کیلئے خاص تحفہ ہے تسخیر خواتین یا مخالفین کی تسخیر کرنا مطلوب ہو تو یا اپنا فریفتہ بنانا منظور ہو تو اُس کا پہنا ہوا کپڑا اگر آسانی سے مل جائے تو خوب ورنہ جس کو مسخر کرنا ہو اُس کے جسم یا چہرہ کو کسی رومال یا کپڑا سے صاف کر لیں۔ قبل از شرف زہرہ غسل کریں۔ خاص ساعت زہرہ میں آیت مبارکہ کو **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ** ایک سو ایک مرتبہ ہاتھ میں لے کر اس کپڑا پر پڑھ کر دم کریں آخر میں اپنا نام مع والدہ اور مطلوب کا نام مع والدہ مقصد کے ساتھ دہرا کر اس پر دم کریں۔ لوبان کا بخور استعمال کریں۔ گائے کے گھی پر بھی اس عمل کو پڑھ کر اپنے محبوب کو کھلایا جا سکتا ہے لیکن گائے کے گھی پر ورد کرنے کے بعد 66 بار **یَا هُوَ یَا هُوَ** پڑھنا ہے۔ بوقت شرف زہرہ پڑھنے کا عمل ہوا لیکن اگر کسی وجہ سے شرف زہرہ کا وقت نہ میسر ہو تو شرف عطارد یا قمر زہرہ تسدیس و تثلیث یا شرف قمر میں بھی اس عمل کو کر سکتے ہیں لیکن اگر قریب ایسی کوئی نظر یا کوئی شرف نہ مل رہا ہو تو اس کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ کسی بھی عروج وقمری ماہ جمعہ کے روز اس عمل کا درج بالا طریقہ سے آغاز کیا جائے لیکن گائے کے گھی پر جو **یَا هُوَ یَا هُوَ** پڑھنا ہے پہلے روز گائے کے گھی پر پڑھ کر رکھ لیں اور باقی 9 روز ساعت مقررہ پر بخور سلگاتے ہوئے اس گھی کے چند قطرے بخور پر چھڑک دیں۔ اسی طرح 9 راتوں تک پڑھیں اور لوبان جلائیں اور گھی چھڑکیں۔ دسویں رات کو اُس کپڑا کے تین ٹکڑے بنائیں اور تینوں کپڑوں کی تین بتیاں بنا لیں۔ ایک بتی آگ پر جلائے اور جلاتے وقت مطلوب سے محبت بڑھنے اور عشق میں بے قرار ہو کر ملنے کا ذکر کرتا رہے گیارہویں رات کو دوسری بتی اور بارہویں رات کو تیسری بتی جلائیں مطلوب عشق میں بے قرار ہوگا۔

محبوب مطیع ہو

شرف زہرہ کی ساعت شروع ہو تو اس عمل کو سات مرتبہ عود (اگر) لکڑی پر پڑھے اور مطلوب کے روبرو جلائے تا کہ اس کی خوشبو اُس کے دماغ میں پہنچے اُس کی مطیع ہو جائے۔

فَعُلُّوْهُ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ زَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ

شرف زہرہ، بکری کا شانہ

یہ ایک مشہور زمانہ تسخیر محبوب کا عمل ہے۔ عوام میں اس عمل سے متعلق مکمل معلومات نہیں بس اتنا مشہور ہے کہ بکری کے شانے کی ہڈی پر جادو کیا جاتا ہے۔ جس سے محبوب بیقرار ہو کر حاضر ہوتا ہے درست معلومات گنے چنے لوگوں کو ہے لیکن قصائی حضرات اکثر یہ ہڈی توڑ کر پھینک دیتے ہیں اگر تسخیر زن مطلوب ہو تو بکری کے شانے کی دائیں جانب گردن کے نچلے حصہ کی ہڈی اپنا اثر ظاہر کریگی۔ اس تسخیر کے بعد لازم ہے کہ اس لڑکی سے آپ نکاح ضرور کریں۔ تسخیر زن صرف دوستی کی حد تک کرنا چاہتے ہیں تو بکری کے شانے کی بائیں جانب گردن کے نچلہ حصہ کی ہڈی کام دیگی۔ بالکل اسی طرح اگر کسی مرد کی تسخیر مطلوب ہو تو بکرے کی دونوں ہڈیاں دائیں اور بائیں جانب اسی طرح اپنا اثر ظاہر کرینگی۔ یہ بات یاد رکھیں کہ ٹوٹی ہوئی ہڈی اس مقصد کیلئے کام نہ دیگی۔ پہلی بار تحفہ روحانیات بکری کے شانے کی ہڈی کی وضاحت کر رہا ہوں اس سے قبل آپ نے یہ معلومات کہیں نہ پڑھی ہوگی۔ قبل از وقت شرف زہرہ یہ ہڈی حاصل کر لیں اچھی طرح پانی سے دھونے کے بعد سائے میں خشک کریں ذیل کی عزیمت زعفران کی سیاہی سے انار کے قلم سے بوقت ساعت شرف زہرہ اس ہڈی پر تحریر کریں نیچے اپنا مقصد ضرور لکھیں۔ اس ہڈی کو سلور کے بڑے برتن میں اس طرح رکھیں کہ اس کے چاروں جانب ریت ہو۔ پہلی ساعت زہرہ میں اس برتن کو آگ پر گرم کریں۔ ان شاء اللہ مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا اور اگر تمام ساعت شرف زہرہ میں اس برتن کو گرم کرتے رہیں گے تو مطلوب

کے دل میں آتش عشق بے حد پیدا ہوگی۔

اگر ساعت شرف زہرہ قریب نہ ملے تو کسی بھی ماہ شرف قمر میں اس عمل کو کر سکتے ہیں اگر ایسا بھی ممکن نہ ہو تو پھر عروج ماہ قمر میں نو چند اجمعہ کے روز اس عمل کا آغاز کریں مسلسل 7 یوم ساعت زہرہ شب میں ملے تو اس عمل کو دہراتے جائیں یعنی ایک بار تیار کرنے کے بعد اب روزانہ اس برتن کو آگ پر رکھنا ہے ہر روز نئی ہڈی پر لکھنا ضروری نہیں صرف روزانہ حرارت دینی ہے۔ عبارت عمل مکمل ساعت میں پڑھتے جائیں۔ بخورات کا استعمال ضرور کریں۔

وہ طلسم یہ ہے **اھیاً اشراھیا لدر فی الجن والانس ابرالذین 81818 11081 11187 11811 19911 11551 ط97 ط5 الوھا الساعت بفن لعین۔**

شرف زہرہ' اسم بدوح

ساعت شرف زہرہ کے آغاز سے قبل اس عمل کی تیاری کر لیں۔ یہ عمل عموماً ہندو لوگ انسانی کھوپڑی پر کرتے ہیں لیکن شرعی طور پر میت کی بے حرمتی کسی بھی صورت اسلام میں برداشت نہیں کی جاتی لہذا انسانی کھوپڑی کی بجائے آپ ثابت ناریل کا استعمال کر سکتے ہیں۔ ہندو لوگ محبت کی دیوی کے منتر اور بھجن پڑھتے ہیں جو کہ 100 فیصد شرک ہے۔ درست عمل میں اسم باری تعالیٰ ورد کیا جاتا ہے لہذا وہ افراد جو کہ نقش آتشی مربع اسم **بَدوُحُ** پُر کر سکتے ہیں وہ اس عمل سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں اگر کوئی ایسا شخص جو نقش بنانا نہ جانتا ہو ایک دائرہ کی شکل میں اسم **بَدوُحُ** 20 بار ہرن کی جھلی پر زعفران سے امرود، انار یا چاندی کے قلم سے اسم بدوح تحریر کریں درمیان میں اپنا مقصد لکھیں۔ ناریل کو اچھی طرح خشک کر کے اس میں اس تعویذ کو رکھ دیں۔ ساعت شرف زہرہ میں اسم **بَدوُحُ** کا ورد 2000 بار کریں۔ ان شاء اللہ محبوب بیقرار ہوگا اگر ساعت شرف زہرہ قریب میسر نہ آئے تو چاہیے کہ کسی بھی عروج ماہ قمر ساعت زہرہ جو کہ رات کے وقت میں آئے اس عمل کو دہرائیں اور روزانہ اُس وقت 2000 بار **یَا بَدوُحُ** اپنے مطلوب کے گھر کی جانب منہ کر کے پڑھیں۔ اس عمل کی مدت 6 یوم ہے۔ پہلے یا دوسرے دن ہی محبوب کی جانب سے پیغام آجاتا ہے اگر شروع ایام میں اثر اظاہر نہ ہو تو پھر مسلسل 20 یوم اس عمل کو کیا جائے۔ ان شاء اللہ جب تک مطلوبہ شخص صاحب عمل سے ملاقات نہ کریگا چین سے نہ سو پائیگا۔

محبوب گرویدہ ہوجائے

عرصہ پہلے ایک بزرگ کی جانب سے فارسی زبان کی ایک ربائی نظر سے گزری۔ تسخیر محبوب کی نیت سے اس ربائی کو ساعت شرف زہرہ میں 58 بار ورد کیا جائے۔ بہتر تو یہ ہوگا کہ ساعت شرف زہرہ میں اس ربائی کی زکات ادا کر دی جائے جس کا طریقہ کار یہ ہے کہ سفید معطر لباس غسل کے بعد پہنیں کمرہ میں سفید چادر ہو بخورات زہرہ روشن کریں۔ سفید رنگ کی تسبیح پر 58 بار اس ربائی کو اس طرح ورد کریں کہ سانس اندر لیتے ہوئے ورد کیا جائے اور تسبیح کا دانہ اندر کی جانب گرایا جائے۔ نیت اور ارادہ یہ کیا جائے کہ میں اگلے سال تک شرف زہرہ کیلئے اس ربائی کی زکات ادا کر رہا ہوں اس ربائی کے مکمل اثرات مجھ پر ظاہر ہوں اور کسی بھی شخص کی تسخیر کیلئے جب بھی یہ ربائی میں 18 بار ورد کروں تو وہ شخص ہمیشہ ہمیشہ کیلئے میرے لئے مسخر ہو جائے اگر مسلسل 6 شرف زہرہ اس ربائی کی زکات ادا کر دی تو دوبارہ اس ربائی کی زکات ادا کرنے کی تاحیات ضرورت نہ پڑھے گی۔

جب بھی کسی شخص کو مسخر کرنے کا ارادہ ہو الائچی' مٹھائی' مصری' گڑ پر اس ربائی کو 18 بار پڑھیں اور مطلوبہ شخص کو وہ شے کھلا دیں۔ ان شاء اللہ تا حیات مسخر رہیگا۔ مداومت کیلئے ضروری ہے کہ روزانہ 18 بار اس ربائی کا ورد کیا جائے۔ خاص طور سے جمعہ کے روز ساعت زہرہ اور سوموار کے روز ساعت قمر میں بہت اہتمام سے یہ ورد کریں۔ اس کے اثرات نا قابل بیاں ہیں۔ تسخیر محبوب خاص کے علاوہ تسخیر خلق کیلئے بھی اس کا ورد کیا جا سکتا ہے۔

عقرب سر زُلف یا رومہ چنبر اوست
شیریں دھنی کہ شہد اور شکر اوست
اوحسن وملاحتے کہ اندر سر اوست
فرماں وہ روزگار فرماں بر اوست

جب اس ربائی کی زکات ادا کرنے لگے تو کوشش کی جائے کہ سانس اندر کھینچتے ہوئے ایک سانس میں پوری ربائی پڑھیں۔ روزانہ اس طرح مداومت بھی کریں۔ تسخیر محبوب یا حاضری مطلوب کا ارادہ وہ تو 6 بار سانس اندر کھینچتے ہوئے اس رباء کو پڑھا جائے اور پھر کچھ توقف کریں اب مراقبہ کریں کہ محبوب آپ کی طرف بڑھتا جا رہا ہے۔ جتنی توجہ اور دھیان سے اپنے مقصد کی جانب بڑھتے جائیں گے کامیابی اُتنا ہی نزدیک ہوتی جائیگی۔ بعد کامیابی سفید رنگ کی شیرینی پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کریں۔ اس عمل کی اجازت ضروری ہے۔

شرف زہرہ

حرف واؤ کے خواص واثرات

تحریر:۔رضوان حسین شاہ (ملتان)

قارئین کرام! شرف زہرہ کے اس خاص موقع پر ایک خاص مضمون کے ساتھ آپکی خدمت میں حاضر ہوں اس مضمون میں تحریر کردہ تمام اعمال شرف زہرہ کے وقت میں کئے جاسکتے ہیں۔

اس سال شرف زہرہ کا وقت 03 مارچ بروز ہفتہ 23 بجکر 39 منٹ پر شروع ہو 04 مارچ بروز اتوار 18 بجکر 55 منٹ پر اختتام ہوگا۔ اس دوران زہرہ کی تمام ساعتیں کارآمد ہونگی۔ طلسمات زہرہ دینے کی ضرروت نہیں کیونکہ رسالہ تحفہ روحانیات میں ''**ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال**'' کے آخری حصہ میں دیا جاتا ہے لیکن لوازمات زہرہ خاص طور سے اپنی یاداشت میں لکھ لیں تاکہ عمل کی تاثیر اور قوت میں اضافہ ہو۔ دوران عمل سفید رنگ کا لباس زیب تن ہو سفید کپڑا زمین پر بچھائیں خوشبو کیلئے عطر چمبیلی استعمال کریں۔ بخور کافور روشن کریں۔ آغاز عمل سے قبل مصری منہ میں رکھیں۔ جو بھی لوح تیار کرنا چاہیں وہ چاندی کی دھات پر ہونگینہ اوپل وقت شرف زہرہ تنجم کیا جائیگا۔

اس خاص وقت میں تسخیر خلق، شادی کی رکاوٹ دور کرنا، کاروبار کی بندش دور کرنا، حسن وخوبصورتی میں اضافہ جیسے اعمال کئے جاسکتے ہیں۔

حرف ''و'' کو سیارہ زہرہ کا قلب مانا جاتا ہے۔ یہ حرف صوامت در صوامت سے بھی تعلق رکھتا ہے کیونکہ ابجد قمری لحاظ سے اس حروف کے عدد 13 ہیں اور صوامت حروف بھی 13 ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حرف ''و'' عام حرف جیسی قوت نہیں رکھتا لہذا اسی نکتہ نظر سے اس حروف کی خاص روحانی اقتدار ہیں۔ سیارہ زہرہ سے تعلق رکھنے والے اس حرف کی روحانی منازل بہت بلند ہیں۔ اس خاص موقع پر ذیل کے تمام اعمال شرف زہرہ میں کئے جائیں تو انشااللہ حُب وتسخیر جیسی نایاب قوتیں حاصل ہونگی۔

حرف ''واؤ'' ابجد کا چھٹا حرف ہے حکماء فلاسفہ کے نزدیک عنصر میں درجہ خاک کا رکھتا ہے اور حروف خاکی کے ساتھ مل کر تقویت پاتا ہے اور حروف آبی کے ساتھ مل کر قوی المزاج ہو جاتا ہے حرف بادی اس کے دشمن ہیں اور حروف آتشی اس کے ہم مزاج ہیں۔

اس کے عدد 6 ملفوظ واو کے عدد 13 ہیں اور ابجد عددی عربی میں ستہ کے عدد 465 کل جمع اس کی 484 ہیں اس میں 13 تفریق کریں پھر ان کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل 175 ہوئے باقی 1 بچا مثلث خاکی اس کی یہ ہے۔

عزیمت اس کی **ووھـــوال ' حھـــوال ' ولھـــوال ' وعھوال ' ورھوال ' وحھوال ' وعھوال**

اس حروف کی قوت تسخیر امراء ملوک ومتھوری اعداد اور عزیز خلق کی ہے اس کے موکل کا نام **طوطیائیل** ہے۔ بخور کافور ہے۔

اس حروف کی زکات ادا کرنا چاہے تو زکات میں یوں پڑھیں۔

احجب یارفتمائیل وبحق یاواو

آغاز شرف زہرہ کی ساعت اول دوئم اور سوئم میں تعداد ۴۴۴۴ مکمل کریں۔ تنہا جگہ ہو بخور کافور کا روشن کرے زکوۃ اصغر ادا ہو جائے گی اب عامل کو اس بات کا اختیار رہے کہ وہ حرف ''واو'' کے عملیات سے کام لے سکے تو منزل ہر ماہ آتی ہے۔

اس کے تصرف کا جفری طریقہ یہ ہے کہ جب ضرورت پڑھے 11 موازین کو اکھٹا کرے شرف زہرہ کے وقت میں یا منزل ہنعہ میں تیار کرے تو چوبیس گھنٹوں کے اندر تاثیر ملاحظہ ہوگی اس کے علاوہ جب عمل کرنا چاہے تو (1) طالع وقت (2) طالع وقت کا ستارہ (3) دن (4) صاحب دن (5) منزل قمر (6) ساعت (7) کتنی ساعت ہے (8) قمر کس بروج میں ہے (9) صاحب برج (10) موکل سفلی وعلوی (11) اسم الٰہی ''ولی'' لے۔

ان تمام کے اعداد جمع کر کے جو منزل آئے اس کا موکل تیار کریں اور ان کو بسط عزیزی کر کے مقوی کریں اور حرف تالیف طبع مع موکل پشت لوح پر لکھیں تو عمل تیار ہوگا یہ طریقہ طلسمات میں آتا ہے جس وقت چاہیں تیار کر سکتے ہیں

تسخیر خلق کا بہترین عمل :۔ بوقت شرف زہرہ یا جب برج اسد کا 6 درجہ طلوع ہوتا ہے تو 36 واو تانبے کی تختی پر لکھیں اور نیچے مطلب لکھیں بخور روشن کریں اور انگیٹھی میں دفن کریں تو مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوگی اگر کسی شخص کا کسی وجہ سے جائے مطلوب تک جانا نہیں ہوسکتا تو حروف واو 600 مرتبہ پڑھ کر اس طرف دم کریں تو ضرور جانا ہوگا کوئی مانع نہ آئے گا۔

یہ حرف محبت اور دوستی کے کاموں کے لیے خاص طور پر موثر ہے اس کی خاصیت اور بھی ہے کہ یہ دوستوں کو روکتا ہے اس کو لکھ کر اضمار اس پر دم کریں اور مریض کو دے دست اسی وقت بند ہو جائیں گے۔

جب اس کو حروف واو یہ کے ساتھ اس شخص کے نام کے ساتھ لکھیں جس سے محبت کرنا ہو اضمار پڑھیں تو محبت حاصل ہوگی حرف واو کی دعا یہ ہے۔

اللھم انی اسلك یا وھاب یاواحد یاولی یاوارث یاودود یاواجد ان تسخرلی ملائکل یمتلمون امری ممالك فیه امنا انك علی کل شی قدیر۔

یہی وہ دعا ہے جس سے اس حروف کے کل اعمال کے بعد دعا کرتے ہیں اگر تین دن کی خلوت اختیار کی جائے تو حروف کو لکھ کر سر پر باندھ لے اور دعوت کو ہر نماز کے بعد 28 مرتبہ پڑھے تو موکل حاضر ہوگا جس کا نام طوطیائیل ہوگا۔ اور کہے گا کہ کیا کام ہے تو آپ کہیں کہ مجھے خادم چاہیے تو وہ کہے گا کہ جب طلب کرو گے تو حاضر ہونگا۔

یاد رہے کہ حروف کے موکلات کی دعوتوں کے عمل الگ ہیں ان حروف کی خاصیتوں کو ختم کر کے ہر حرف کی دعوت کا طریقہ لکھا جائے اس کا اضمار یہ ہیں۔

اجب یا طوطائیل یھیوہ ھدوہ یمیوہ ودود وھاب اجب و توکل بکذا۔

اگر اس کی دعا اور اضمار کو ہر نماز کے بعد پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ قدر و منزلت کرتا ہے اور اس سے نیک فعال سرزد ہوں۔

عمل بغض: ۔آپ کو اس مضمون میں شرف زہرہ کے اعمال حب بتائے اب ایک نظر اعمال بغض کی جانب، حرف "و" سے متعلق صرف ایک عمل بغض تحریر کر رہا ہوں۔ جب قمر در سرطان ہو اور حالت نحس میں زہرہ سے اتصال کرے یہ بہت خاص وقت ہوتا ہے اس خاص وقت میں سفید موم لیں اس آدمی کا یا اس عورت کا موم کا پتلہ بنائیں جن کے درمیان دشمنی کرانی ہو تمام اعضاء مکمل بائے پھر بھیڑ کی کھال پر ایک دائرہ بنائیں جس میں نام طالب و مطلوب مع والدہ لکھیں اور چودہ **واو** چاروں طرف لکھیں اس پوست کو لپیٹ کر موم کے پتلے کے پیٹ میں رکھ دیں اور کسی قبر کے پاؤں کی طرف دفن کر دیں عظیم دشمنی پیدا ہوگی چونکہ حروف اس کا مخالف ہے اس لیے ہر **واو** کے درمیان ۶۰ کا عدد لکھتا جائے جو سین کے عدد ہیں یعنی جو 14 **واو** دائرہ کے باہر لکھیں ان کے درمیان ۶۰ لکھتا جائے۔ (و ۶۰ و ۶۰ و ۶۰ وغیرہ وغیرہ) دائرہ کے اندر طالب و مطلوب کی عزیمت لکھ دے انشاء اللہ حد اثرات ظاہر چھ دنوں میں ہوگا۔ مکمل یقین سے عمل کریں۔

حب و تسخیر کے لاجواب اعمال

تحریر:۔ اسماعیل گوپی (گھوٹکی)

میرے محترم دوستو! شرف زہرہ سے متعلق دو مجرب سفلی اعمال پیش کر رہا ہوں ہمارے سندھ میں مسلمانوں کے علاوہ اکثر غیر مسلم بھی اس رسالہ کے خریدار ہیں۔ یہ دونوں خاص عمل اُن حضرات کیلئے پیش کر رہا ہوں جو کہ غیر مسلم ہوں میری جانب سے دونوں اعمال کی اجازت ہے۔

1:۔ جو مسواک ہندو لوگ دریا یا ندی یا تالاب کے کنارے دانت صاف کرنے کے بعد چھوڑ آتے ہیں ان کو لے کر جمع کر لیں اور اتوار کے دن سورج نکلتے ہی مرگھٹ میں پہنچ کر پیپل کے درخت کے نیچے ننگے ہو کر زمین صاف کر کے چوکھٹا بنائیں اور مٹی کا چولہا بنا کر گوبر کا لیپ دیں اور لال مٹی کی ہنڈیا میں دال ڈالیں اور دودھ اس جانور کا ڈالیں جو دوسری دفعہ کا بیاہوا ہو نیچے انہی مسواک کی آگ جلائیں اپنے سامنے سرخ دھاگہ پان اور چاول اور سفید پھول رکھیں جب چاول پک جائے تو ہنڈیا کو چولہے سے اٹھا کر پیپل کے درخت کی جڑ میں دے ماریں اور جو چاول چپٹے رہ جائیں ان کو اتار کر الگ ڈبیہ میں بند کر لیں اور جو چاول نیچے گر جائیں ان کو اٹھا کر الگ ڈبیہ میں بند کر لیں اگر چپٹے ہوئے چاولوں میں سے دو تین ہی چاول اپنے معشوق کو کسی کھانے پینے کی چیز میں ملا کر دے دیں تو محبت میں دیوانی ہو جائے گی اگر نیچے گرے ہوئے چاولوں میں سے دو تین چاول دو افراد کو ایک ہی چیز میں ڈال کر کھلا دیں تو ان میں جدائی ہو جائے گی۔

2:۔ اس کا ایک دوسرا عمل یہ ہے کہ ایک ایسی جگہ جائیں جہاں اذان کی آواز نہ آتی ہو یا یوں کریں کہ ایسے وقت میں عمل کریں جس وقت میں اذان کی آواز نہ آتی ہو اس وقت میں دھان لے کر کنواری لڑکیوں سے چھلکے اتروا کر کچھ چاول پاس رکھے چاند گرہن کے وقت پیپل کے درخت کے نیچے لال مٹی کے برتن میں چاول پکائیں جس میں سیاہ رنگ کے جانور کا دودھ ہو جو دوسری مرتبہ کی حاملہ ہو یعنی اس کے بچہ دینے کے دن قریب ہوں آگ پیپل کی لکڑی کی جلائیں جب پک جائے تو درخت کی جڑ میں گرا دیں جو چاول چپٹے رہ جائیں ان کو اتار کر الگ ڈبی میں بند کر لیں اور جو چاول نیچے گر جائیں ان کو اتار کر الگ ڈبیہ میں بند کر لیں۔ چپٹے ہوئے چاولوں محبت و عشق میں کسی کو مبتلا کرنے کا کام دیں گے اور گرے ہوئے چاول دو شخصوں کے درمیان نفاق کا کام دیں گے جب کسی کو مطیع کرانا ہو تو اپنے ہاتھ پاؤں کے بیسیوں ناخن جلا کر ان میں اپنے بدن کا میل ملا کر دو تین چاول بھی ملا لیں اور جس کو کھلائیں گے وہ ایک پل بھی جدا نہ ہوگا۔

نقش حزب البحر اور شرف زہرہ

مالی اُمور تعلقات و محبت کا ستارہ

تحریر:۔ حکیم علامہ حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء (کراچی)

محترم قارئین تحفہ روحانیات السلام علیکم: اس ماہ زہرہ اپنے درجہ شرف پر 3 مارچ بروز ہفتہ رات 11:42 سے لے کر 4 مارچ کی شام 7:15 تک رہے گا اس دوران کل تین ساعتیں زہرہ کی میسر ہونگی۔ مگر میری رائے کے مطابق بہتر ہے کہ یکم مارچ اور 2 مارچ کو نقش بنایا جائے کیونکہ اس دوران زہرہ و مشتری کی تثلیث بھی ہے اور دونوں سیارے بروج و درجات کے لحاظ سے طاقتور پوزیشن کے حامل ہیں۔ مگر اس بات کا خیال رہے نقش بناتے وقت دونوں سیاروں کی زائچہ میں موجودگی زائچہ کے اچھے گھروں میں ہو۔ اس موقع پر آپ حضرات کیلئے ایک خاص جامع نقش دیا جارہا ہے جو کہ دعائے حزب البحر میں سے ایک آیت کا ہے جس کے بارے میں محدث عرب وعجم حضرت شاہ ولی اللہؒ اپنی کتاب "ہوامع" میں اور شاہ صاحب کے بڑے فرزند حضرت علامہ شاہ عبدالعزیزؒ محدث دہلوی اپنی کتاب کمالات عزیزی میں رقمطراز ہیں کہ **کَھٰیٰعٓصٓ ، اُنْصُرْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ النَّاصِرِيْن الخ** یہ فقرہ گویا صورت سعادت زہرہ کی ہے اور اس پر زیادہ کرنے والی کوئی شے نہیں سوائے طبیعت زہرہ کی جو شیخ علیہ الرحمتہ کے مزاج میں مستتر یعنی چھپی ہوئی ہے شاہ صاحب آگے چل کر فرماتے ہیں کہ اس دُعا میں کہ مزاج روحانیہ سے ہے تمام سعادت زہرہ کی ظاہر ہوئی کہ آپ ہی آپ چمکنا اور محبت و مہربانی میں لوگوں کا جمع ہونا اور اٹکے ہوئے کام نکل آئے رحمت الٰہی و کشائش رزق و حفاظت کیلئے اور جب عمل پڑھنے والا کثرت سے ان کلمات کو پڑھتا ہے تو اس کلمہ سے ایک حقیقت مثالیہ اس کے مطلب کے مطابق ظاہر ہوتی ہے اور پڑھنے والے میں ایک حلاوت پیدا ہوتی ہے اور یہ صورت عمل قبول ہونے کی علامت ہے۔

عزیزانِ من شاہ صاحب نے مزید کافی تفصیلی ذکر کیا مگر عوام الناس کیلئے جتنی ضرورت تھیں وہ میں نے عرض کردی۔ محترم قارئین سیارہ زہرہ عشق و محبت، حسن و خوبصورتی اور دوستی و تعلقات کا ستارہ کہلاتا ہے، یہ مالی اُمور پر بھی اثر انداز ہے، آمدن میں اضافے اور انعامی اسکیموں میں زہرہ کا کردار بہت اہم ہے کیوں کہ دائرۂ بروج میں زہرہ دوسرے گھر یعنی خانہ مال کا حاکم ہے اور دائرۂ بروج کے ساتویں گھر برج میزان پر بھی اس کی حکمرانی ہے، ساتواں گھر انسانی زندگی میں تعلقات پر زور دیتا ہے لہذا ہر قسم کی پارٹنرشپ خواہ کاروباری ہو یا ازدواجی، ساتویں گھر کے زیر اثر ہے۔

کسی بھی زائچے میں سیارہ زہرہ محبت، شادی اور دیگر نوعیت کے تعلقات کی نشان دہی کرتا ہے، اگر زائچے میں زہرہ کمزور ہو یا نحس اثرات کا شکار ہو تو ایسے خواتین و حضرات کی زندگی میں ہر قسم کے تعلقات متاثر ہوتے ہیں، محبت میں ناکامی، شادی میں تاخیر، عملی زندگی میں عزیز و اقارب، ملازمت یا کاروبار میں دوسروں سے تعلقات میں خرابی کی نشان دہی ہوتی ہے، ایسے افراد عموماً خشک مزاجی کا شکار رہتے ہیں، زائچے میں سیارہ زہرہ کی خرابیاں بعض اوقات نہایت پیچیدہ نوعیت کی بیماریوں کا سبب بھی بنتی ہیں جن میں جنسی و نفسیاتی امراض اور بانجھ پن جیسے مسائل شامل ہیں۔

سیارہ زہرہ اگر زائچے میں طاقت ور ہو اور نحس اثرات سے پاک ہو تو انسان معاشرے میں محبوبیت اور مقبولیت حاصل کرتا ہے، دوسرے لوگ اُس کی قربت سے خوشی و شادمانی محسوس کرتے ہیں اور پروانہ وار اس پر نثار ہونے کیلئے تیار رہتے ہیں، محبت یا شادی اس کیلئے خوشی اور اطمینان کا باعث ہوتی ہے، عام زندگی میں بھی لوگوں سے بہتر تعلقات استوار ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ملازمت یا کاروباری معاملات میں ترقی ملتی ہے اور خوش قسمتی ساتھ چلتی ہے، ایسے لوگوں کو کبھی بھی مالی پریشانی نہیں ہوتی بلکہ تحفہ تحائف ملتے رہتے ہیں اور انعامی اسکیموں میں بھی کامیابی حاصل ہوتی رہتی ہے۔

علم نجوم میں "پنجم مہاپُرش یوگ" بہت مشہور ہیں، یہ پانچ اہم سیارگان زہرہ، مشتری، مریخ۔ عطارد اور زحل کی زائچے میں باقوت پوزیشن کو ظاہر کرتے ہیں، زہرہ اگر زائچے میں اپنے بنیادی برج میزان یا پھر ثور میں ہو یا شرف یافتہ ہو اور زائچے کے پہلے، چوتھے، ساتویں یا دسویں گھر میں ہو تو "ملاویا یوگ" تشکیل دیتا ہے اور ایسے لوگ خوش قسمت تصور کیے جاتے ہیں، ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ زیادہ کوشش اور محنت کیے بغیر ہی وہ سب کچھ حاصل کر لیتے ہیں، جس کی انہیں تمنا ہوتی ہے، پاکستان کی کئی مشہور شخصیات کے زائچے میں سیارہ زہرہ کی یہ پوزیشن موجود ہے جن میں

تحریک انصاف کے سربراہ جناب عمران خان اور سابق وزیر خارجہ محترمہ حنا ربانی کھر وغیرہ شامل ہیں۔

زائچے میں زہرہ کی کمزوری دور کرنے اور ناقص اثرات سے نجات کیلئے عام طور سے ہیرا تجویز کیا جاتا ہے جو آج کے زمانے میں عام آدمی کی پہنچ سے بہت باہر ہے ایسے قیمتی جواہرات تو امراء اور بادشاہوں کے زیر استعمال ہی ہو سکتے ہیں۔

علم جفر اور علم نجوم کے اشتراک سے ماہرین نجوم و جفر ایسے طلسم و نقوش ترتیب دینے میں کامیاب رہے ہیں جو پیدائشی زائچے کی کمزوریوں اور نحس اثرات کو دور کر سکیں، اس سلسلے میں سیارہ زہرہ کے اوج، شرف یا دیگر باقوت سعد نظرات سے مدد لی جاتی ہے اور ایسا مادّہ مہیا کیا جاتا ہے جو زہرہ کے سعد و باقوت اثر کو قبول کر لے پھر مقررہ وقت پر زہرہ سے منسوب دھات پر مرتب شدہ نقوش و طلسمات نقش کر لیے جاتے ہیں ضرورت مند ایسی الواح یا خاتم (انگوٹھی) کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ چند سال پہلے ہم نے لوح تسخیرِ خاص بنا کر عام کی جو کہ بے حد پُر اثر اور فائدہ مند رہی اور تسخیر کے اعمال میں بے خطاء اور مجرب اثرات کی حامل رہی جس کا ذکر پھر کبھی کریں گے مگر اس باقوت شرف زہرہ کے موقع پر دیا گیا نقش لوح کمالات زہرہ تیار کریں یہ باکمال اور موثر ترین نقش ہم تحفہ روحانیات کے قارئین کی نظر کر رہے ہیں جس میں دعائے حزب البحر کی ایک مخصوص دُعا جس کا تعلق سعادتِ زہرہ سے منسوب ہے اس لوح مبارکہ کو شرف زہرہ کے اوقات میں ساعات زہرہ میں تمام قواعد کے ساتھ تیار کر لیں۔ سفید لباس زیب تن کریں اور عطر حنا لگائیں زہرہ سے منسوب بخور صندل سفید کافور وغیرہ سلگائیں اور چاندی یا تانبہ کی تختی پر لوح تیار کر لیں لوح کے اندر انگریزی میں جو عدد ہیں وہ نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں اصل نقش لکھتے وقت ان کو نہ لکھیں۔ نقش کے درمیانی خانہ میں زہرہ سے منسوب حروف مقطعات میں **کٓھٰیٰعٓسٓ** موجود ہے اور نقش کے چاروں کونوں میں دُعا کے آخری کلمات درج ہیں نقش مکمل کرنے کے بعد نقش کے نیچے یا اس کی پشت پر نقش کے موکل کا نام **یا وفقھغائیل** اور زہرہ کے موکلات و طلسم لکھ کر نقش مکمل کر لیں بہتر ہے کہ نقش اس وقت پہن لیں یا پھر کسی بھی نوچندے جمعہ کی پہلی ساعات میں نقش پہن لیں۔

نقش بنانے کے بعد نقش میں موجود اسماء کا ورد روزانہ پڑھنا معمول بنالیں۔ شادی میں تاخیر رشتوں میں رکاوٹ ہو یا تسخیر خلق مطلوب ہو تو **کٓھٰیٰعٓسٓ ،بحق خیر الفاتحین** کا ورد 198 مرتبہ پڑھیں کاروبار میں ترقی، برکت دوکان و مکان، گاہکوں کی آمد و رفت، کشادگی رزق، اولاد نرینہ کے حصول مقصد ہو تو **کٓھٰیٰعٓسٓ ،بحق خیر الرازقین** کا ورد 198 مرتبہ کریں اور اگر مقدمہ میں کامیابی، دشمنوں کا ڈر و خوف ہو یا کسی قسم کے کھیل میں جیت ممکن ہو تو **کٓھٰیٰعٓسٓ ،بحق خیر الناصرین** 198 مرتبہ پڑھیں۔ جمیع حاجات و مشکلات و رحمت خداوندی مقصود ہو تو **کٓھٰیٰعٓسٓ ،بحق خیر الراحمین** کا ورد 198 مرتبہ پڑھنا معمول بنالیں غرض کئی مسائل کا ایک حل اس لوح کمالات میں موجود ہے۔

وقت تحویل آفتاب اور عمل شمشیر مومن

عزیزان من اس سال پاکستان سٹینڈرٹائم کے مطابق 20 مارچ بروز منگل بوقت رات 9 بجکر 16 منٹ 10 سیکنڈ پر سیارہ شمس اپنے شرفی برج حمل میں جلوہ افروز ہوگا۔ اسی دن قمر بھی اپنے شرف کے برج میں ہوگا۔ علمائے نجوم و جفر تحویل آفتاب کے وقت کو نہایت مبارک تصور کرتے ہیں اور علمائے فن اس وقت مختلف قسم کے اعمال تیار کرتے ہیں۔

قارئین کے لئے عمل شمشیر مومن کی تیاری کا آسان طریقہ حاضر خدمت ہے شمشیر تلوار کو کہا جاتا ہے اور مومن تلوار کو دہشت و شر پسندی کے لئے نہیں رکھتا بلکہ اپنی حفاظت کے لئے رکھتا ہے لہذا یہ آیت پاک " **حسبنا اللہ ونعم الوکیل** " مومن کی تلوار ہے ابی المواہب شاذلیؒ نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس کا ذکر کیا ہے کہ اس آیت پاک کا عمل دشمنوں سے بچاؤ اور دعا کی قبولیت کے لئے ہے اور اس سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں اس آیت کے عدد 450 ہیں جو کہ مفرد کرنے پر کامل 9 عدد بنتا ہے۔

تحویل آفتاب کے موقع پر اس آیت کا تکسیری نقش زعفران سے بنالیں تحویل کے وقت پہلے دو رکعات نفل پڑھیں اور نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور 450 مرتبہ آیت پاک کا ورد روزانہ کریں اور اگر اتنی تعداد میں نہ کر سکیں تو 99 مرتبہ پڑھنا معمول بنالیں۔ ان شاء اللہ عزت۔ دولت۔ برکت کاروبار۔ جسمانی و روحانی حفاظت۔ رشتوں میں رکاوٹ۔ مقدمے میں کامیابی۔ فتح و نصرت۔ غرض تمام مقاصد کے لئے مجرب نقش ہے۔ اگر تحویل آفتاب کے عین وقت پر یہ عمل نہ کر سکیں تو 21 مارچ رات 9 بجکر 15 منٹ تک کے درمیانی اوقات میں شمس کی سعد ساعات میں یہ عمل کر لیں۔

عزیزان من: آیت پاک کا نقش مسلم بھائیوں کے لئے ہے اور دوسرا نقش غیر مسلم دوستوں کے لئے ہے تاکہ وہ بھی اس نعمت سے محروم نہ رہیں۔ غیر مسلم دوستوں کے لئے جو نقش ترتیب دیا گیا ہے اس میں سنسکرت (ہندی) زبان کے چار لفظ استعمال ہوئے ہیں جن کا محاورتاً معنی یہ

ہیں۔اے خدا! قبول کر میری سچائی اور بلند مرتبہ عطا فرما مجھے۔غیر مسلم دوست دیئے گے وقت کے مطابق نقش بنالیں اور نیچے نوروز سے منسوب طلسم لکھ لیں اور وظیفے کے طور پر لفظ "اوم" کا 110 مرتبہ جاپ کریں۔ان شاءاللہ آپ بھی فوائد سے محروم نہیں رہیں گے۔نقش خود نہ بنا سکیں تو مجھ سے یا پھر جناب محمد ایاز مزمل صاحب سے بنوا کر فیوض و برکات حاصل کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔



شرف زہرہ کا موثر منتر

تحریر:۔پردیپ کمار (حیدرآباد)

اپنے تمام پڑھنے والوں کی خدمت میں آداب عرض کرتا ہوں تحفہ روحانیات میرا پسندیدہ رسالہ ہے میں غیر مسلم ہوں لیکن اس کے باوجود علم روحانیت کی کوئی حد نہیں ہوتی میں اُن تمام مسلم حضرات جو کہ روحانی علوم سے واقف ہیں سب کا عزت واحترام کرتا ہوں۔میری طرح دیگر غیر مسلم بھی یہ رسالہ پڑھتے ہیں ان کی خدمت میں بابا کھیتر پال کا نایاب عمل پیش کر رہا ہوں۔بابا کھیتر پال سے کون ہندو شخص واقف نہیں اور اس کی طاقتوں کا اندازہ اُسی شخص کو ہوتا ہے جس نے بابا کے منتروں کو سدھ کیا ہو لیکن اس کے بعض منتر ایسے بھی جو کہ بغیر سدھ کئے ہی کام دے جاتے ہیں۔یاد رہے کہ میرے جتنے بھی منتر ہیں وہ تمام صرف ہندوؤں کیلئے ہیں نہ کے مسلمان اس بارے میں تجربے کرتا پھریں۔درج ذیل منتر کو شرف زہرہ کے وقت میں 700 بار پڑھا جائے 3 دن میں ہی مقصد پورا ہوگا موثر منتر محبوب کو حاصل کرنے کیلئے ہے۔اس منتر کے لوازمات دیوتا کی بھینٹ وغیرہ سے غیر مسلم واقف ہیں اس لئے لوازمات کے بغیر عمل نہ کیا جائے۔

عبارت منتر

اوبابا کھیتر پال — کردے اس کا برا حال
دل ملادے انگ لپٹادے — چلے عمر ساری میرے نال

لوح شرف زہرہ

تسخیر خلق، تسخیر خاص و عام تسخیر مستورات یا وہ افراد جو اپنی مرضی سے شادی کرنا چاہتے ہوں اور چند لوگ اس شادی سے ناخوش ہوں اُن کو راضی کرنے کیلئے اس کے علاوہ ڈاکٹر، وکیل اور دوکاندار حضرات شرف زہرہ کی لوح سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔لوح شرف زہرہ کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بک کروائیں۔

تمام الواح چاہے کسی بھی ہدیہ کی ہوں ضرور کام کرتی ہیں۔دھات اور لوازمات کے استعمال کی وجہ سے تمام لوگ کچھ تاخیر سے خاص لوح مناسب وقت پر اور بہت خاص لوح فوری اپنا اثر ظاہر کرتی ہے۔جس طرح ہر انسان کی قابلیت، روحانی قوتیں اور جسمانی قوتیں ایک جیسی نہیں ہوتیں اسی طرح جس الواح پر جتنے اچھے لوازمات اور جتنی اچھی دھات استعمال کی جائے گی اس لوح میں اتنے ہی زیادہ تاثیر پائی جائے گی۔جیسا کہ کاغذ پر تیار کردہ لوح کا اثر کاغذ جیسا ہوگا۔تانبہ، چاندی یا کسی دوسری دھات پر تیار کردہ لوح کی تاثیر بھی ویسی ہوگی۔خاص کلام خاص دھات پر کندہ کرنے سے خاص اثرات ظاہر کرتا ہے۔

ھدیہ الواح:۔عام لوح 4200 — خاص لوح 7200 — بہت خاص لوح 9200

کیپٹل نیوز ایجنسی، جی ٹی روڈ ھری پور ھزارہ 0314-9204421 — ادارہ روحانیات

تسخیرات حاضرات مؤکلات والارواح

تحریر
حکیم نعیم الحسن
(لاہور)

السلام علیکم قارئین کرام! مارچ میں شرف زہرہ کا خاص وقت آرہا ہے جو کہ تسخیرات کے حوالہ سے پُرتاثیر مانا جاتا ہے خصوصاً تسخیر مستورات و تسخیر عجائب روحانیہ یعنی پریان وغیرہ کی تسخیر بوقت شرف زہرہ کی جاسکتی ہے۔ اُمید کرتا ہوں آپ حضرات کو پسند آئیں گے۔ چند دوست صرف آزمائش اور عیاشی کی غرض سے تسخیر مستورات چاہتے ہیں ایسے تمام دوستوں سے معذرت کرتا ہوں کہ وہ اجازت کیلئے رابطہ نہ کریں۔ آپ سے درخواست کرتا ہوں آپ کوئی بھی عمل بغیر اجازت ہرگز نہ کریں ورنہ رجعت کا خطرہ ہے، آپ کو مکمل راہنمائی ادارہ بانی مکتبہ روحانیات جناب محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے حاصل کرنا ہوگی دوستوں کی راہنمائی کیلئے ماہنامہ تحفہ روحانیات کے آخری صفحہ کوپن برائے راہنمائی عملیات شائع کیا جاتا ہے یہ کوپن کاٹ کر جوابی لفافہ کے ہمراہ ادارہ کو ارسال کریں۔

تسخیر حاضری حسینہ وزعفران

جو حضرات ذیل کا عمل کرنا چاہتے ہوں وہ ادارہ میں خط کے ذریعے بالکل مفت تحریری اجازت نامہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس تحریری اجازت نامہ میں مکمل راہنمائی کی جائیگی۔ کچھ لوگ قواعد وضوابط کا خیال نہیں رکھتے یا فون پر اجازت طلب کرنا چاہتے ہیں ایسے تمام دوستوں سے قبل از وقت معذرت۔ اس عمل سے حسینہ وزعفران پری حاضر ہوتی ہے۔

یا ارد یوش یا اردویوش یا اردیوش یا مھواتس یا مھرائس یا بطیش یا طلتیش۔

تعداد پڑھائی روزانہ ایک ہزار، ہر سینکڑے پر ذیل کی عبارت پڑھیں۔

توکلو یاخدام ھذا الاسماء بحصور الجاریۃ احضرو احضرو زعفران پری بحسن یا بدوح یا بدوح یا بدوح بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔

بخور، لوبان اور خشک دھنیا جلائیں، نو چندا ہفتہ سے عمل کو شروع کریں۔ 40 یوم کا عمل ہے۔ پاکیزہ، جلالی، جمالی

تسخیر حاضری حسینہ پری

ذیل کا عمل حسینہ پری کا ہے اس عمل سے اکثر عاملین واقف ہیں کیونکہ اکثر یہ عمل پرانی کتابوں میں سے مل جاتا ہے مگر یہاں اس عمل کی مکمل عبارت شائع کی جارہی ہے اور اس عمل کی خاص اجازت بھی ادارہ سے بالکل مفت مل جائیگی مگر شرط یہ ہے کہ اجازت حاصل کرنے کیلئے شرف زہرہ سے کم از کم 7 روز قبل رابطہ کیا جائے بعد میں آپ پریشان ہو سکتے ہیں۔ اجازت کیلئے کوپن کا شرائط کے ہمراہ آنا ضروری ہے فوٹو اسٹیٹ کوپن قابل قبول نہ ہوگا۔ ذیل کا عمل نہایت سخت عمل ہے اسلئے بغیر اجازت ہرگز نہ کریں رجعت کا سخت اندیشہ ہے۔ عمل تسخیر حسینہ پری ذیل میں ہے:

حُب کا تارا اتوار سے سواھا

اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ 21 یوم تک پڑھائی کریں اور تسخیر ہونے پر اس سے عہد پیمان طے کرلیں اور حاضری کا طریقہ پوچھ لیں۔ ہرجائز کام بجالائیگی۔ ناجائز کام ہرگز نہ لیں۔ ورنہ جان کا خطرہ ہے اور ہمیشہ کیلئے آپ پر رجعت کے اثرات پیدا ہوجائیں گے۔ بعد کامیابی مجھ گنہگار اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

لوح فتحنامہ خاص جفری کرشمہ

وہ لوگ جو کہ مالی مشکلات کا شکار ہیں گھریلو لڑائی جھگڑا، بے روزگاری سے نجات، ملازمت میں ترقی چاہتے ہیں، رزق میں برکت نہیں، کاروبار چلتے چلتے بند ہوگیا ہو، تنگ دستی کی وجہ سے بدحال ہوں، آئے روز نئی پریشانیاں کھڑی رہتی ہوں ان تمام مسائل کا حل آپ کے نام سے تیار کردہ لوح فتحنامہ خاص میں پوشیدہ ہے۔ اس لوح کے پاس رکھنے سے وہ کامیابیاں ملتی ہیں جن کا آپ نے کبھی تصور بھی نہ کیا ہو۔

ہدیہ
لوح فتح نامہ خاص 4200 روپے

پاک ہے وہ ذات جس نے جوڑے جوڑے پیدا کئے ان تمام چیزوں میں سے جو زمین سے اگتی ہیں خود ان کے نفسوں میں سے اور ان میں جن کو وہ نہیں جانتے قارئین تحفہ روحانیات شرف زہرہ کے موقع پر آپ کیلئے ایک خوبصورت عمل پیش کر رہا ہوں۔ آج یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ ہر چیز جوڑوں پر مشتمل ہے جیسے انسان' حیوان' نباتات و جمادات تمام کی تمام اشیاء مثبت اور منفی کی بنیادوں پر قائم ہیں احاطہ شعور کے تصورات بھی زوجین میں بنٹے ہیں جیسے شب و روز' ربیع و خریف' تلخ و شیریں' فکر و غنا' حیات و ممات' سرور و غم وغیرہ قرآن نے آج سے چودہ سو سال قبل اعلان کیا تھا کہ ہم نے ہر چیز جوڑے جوڑے پیدا کیا ہے۔ جبکہ موجودہ دور میں لڑکیوں کے رشتے سب سے اہم مسئلوں میں شمار ہوتے ہیں۔ اکثر والدین اپنی بیٹیوں کی شادی کی پریشانی کی وجہ سے وقت سے پہلے ضعیف اور عمر رسیدہ نظر آنے لگتے ہیں۔

مومنین کیلئے ایک خاندانی برسوں تجربہ شدہ عمل حاضر خدمت کر رہا ہوں جن لڑکیوں یا لڑکوں کی شادی میں رکاوٹ ہو یا کسی بھی وجہ سے حسب منشاء رشتہ نہ ملتا ہو زندگی میں ایک بار تجربہ ضرور کریں عمل شروع کرنے سے قبل قریب مغربین غسل کریں اور نماز عشاء اور غسل سے ادا کریں عمل کو کسی بھی نوچندی جمعرات رات بارہ بجے کے بعد سے شروع کریں رات کے کسی نصف حصے کے بعد نماز کا وضو کریں اور دو رکعت نماز حاجات کی نیت سے ادا کریں۔ نماز کا طریقہ اس طرح ہے۔

پہلی رکعت میں بعد الحمد سترہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں رکوع میں ذکر رکوع سترہ مرتبہ پڑھیں اور پھر سجدہ میں چلے جائیں۔ پہلے سجدہ میں ذکر سجدہ نو مرتبہ پڑھیں اور دوسرے سجدہ میں آٹھ مرتبہ ذکر دہرائیں۔

دوسری رکعت پہلی رکعت کی طرح مکمل کریں۔ نماز حاجت ادا کرنے کے بعد سترہ مرتبہ آیۃ الکرسی **ھم فیھا خالدون** تک پڑھیں۔ اس کے بعد اول و آخر چودہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ درود شریف کے بعد اسم الٰہی (الخبیر) آٹھ سو تینتالیس مرتبہ ورد کریں۔

یہ عمل سولہ روز متواتر کریں اگر متواتر نہ کر سکیں کسی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو یہ عمل آپ کو باون (52) دن تک اس کی گنتی مکمل کر کے ادا کرنا ہوگا۔ اس دوران آپ کی شادی کا بندوبست غیبی طریقہ سے ہو جائے گا مزید ایک اور عمل آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو یا ان کا بخت نہ کھلتا ہو یا کسی نے جادو کے ذریعے نکاح بستہ کر دیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور بعد ہر نماز کے ان دعا کا ورد کریں بفضل تعالیٰ آپ کی شادی کے پیغام آنا شروع ہو جائینگے۔

نوروز عالم افروز

قارئین تحفہ روحانیات نوروز عالم افروز کے موقع پر آپ کیلئے ایک خوبصورت عمل پیش کر رہا ہوں۔

نوروز کے دن بعد نماز ظہر چار رکعت نماز اعمال نوروز مستحب ہے۔

نماز پڑھنے کا طریقہ درج ذیل ہے۔

(۱) چار رکعت نماز بطریقہ نماز فجر

(۲) 2-2 رکعت کر کے پڑھیں۔

(۳) نماز کی نیت اس طرح کریں دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں / پڑھتی ہوں قربتہ الی اللہ پھر اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کریں۔

(۴) اول رکعت میں سورۃ حمد دس مرتبہ سورۃ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ سورۃ الکافرون بعد سلام اختتام نماز پر پھر دو رکعت کی نیت اسی طرح فرمائیں اول رکعت سورۃ حمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ اخلاص کی تلاوت کریں اور دوسری رکعت میں دس مرتبہ سورۃ قل اعوذ برب الناس اور پھر دس مرتبہ سورۃ قل اعوذ برب الفلق پڑھیں بعد سلام سجدے میں بجالائیں۔

اہل خبر و صاحبان معرفت لکھتے ہیں کہ درج ذیل سات سلام بروز نوروز مشک و زعفران سے کسی چینی کی پلیٹ یا پیالہ پر لکھ کر گلاب سے دھوئیں اور اسے نوش کریں تو آئندہ نوروز تک رنج و مصیبت سے آزاد رہیں گے اور ناگہانی حادثات و زہریلے جانور کو کاٹنے سے نقصان نہ ہوگا۔

نقش ہائے نوروز

تحویل آفتاب کے وقت پاک جگہ پر باوضو ہو کر بیٹھیں وقت نوروز کا تعین کرنے کیلئے۔ دو عدد گلاب کی بند کلی پانی بھری طشتری میں چھوڑ دیں۔ قدرت کاملہ سے یہ بند کلی وقت نوروز پر خود بخود کھل جائیگی۔ اس وقت میں اپنی حاجت فوری زبان پر لے آئیں۔ ویسے نوروز کا وقت نوروز سے 1 گھنٹہ قبل اور 1 گھنٹہ بعد تک رہتا ہے۔ ذیل کے نقش کو عام کاغذ یا ہرن کی جھلی یا چاندی کی تختی پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جملہ آفات 'بلیات' صدمات' جادو سحر' غلبہ دشمن' تمام روحانی و جسمانی امراض سے نجات

بندشوں کے خاتمہ کیلئے یہ نقش بہت تاثیر ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ

نوروز کے مواقع پر تیار کیا جانے والا خصوصی نقش

یہ نقش درج بالا طریقہ سے تحریر کریں اور اسے عرق گلاب سے دھو کر رفع امراض کیلئے پئیں اسی نقش کو اپنے پاس سونے یا چاندی کی انگشتری میں کندا کرا کے پہنیں معاشی پریشانیوں سے نجات پائے گا۔ غنی و تونگر ہوگا۔

الا = ۹ ۱ ۱ ۱ لا = ۱۱۱ محطے

نقش زائد پر کریں اسے موم جامہ کر کے چاندی کے حول میں ڈال کر گلے میں ڈالیں اکیس روز کے بعد آپ کو غیب سے امداد ملنا شروع ہو جائے گی۔



آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہئے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثل لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں۔ اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۲۹ مرتبہ ''یَاذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ'' اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

یَامُقَلِّبَ الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ یَامُدَبِّرَ الَّیۡلِ وَالنَّھَارِ یَامُحَوِّلَ الۡحَوۡلِ وَالۡاَحۡوَالِ حَوِّلۡ حَالَنَا اِلٰی اَحۡسَنِ الۡحَالِ

مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ ''قُرۡبَۃً اِلَی اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکۡبَرُ'' اور اول رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ سورۃ ''اِنَّا اَنۡزَلۡنَاہُ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ ''قُلۡ یٰۤاَیُّھَا الۡکٰفِرُوۡنَ'' اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ ''قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس دس مرتبہ ''قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ'' پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الۡاَوۡصِیَاءِ الۡمَرۡضِیِّیۡنَ وَعَلٰی جَمِیۡعِ اَنۡبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ بِاَفۡضَلِ صَلَوَاتِکَ وَبَارِکۡ عَلَیۡھِمۡ بِاَفۡضَلِ بَرَکَاتِکَ وَصَلِّ عَلٰی اَرۡوَاحِھِمۡ وَاَجۡسَادِھِمۡ اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِکۡ لَنَا فِیۡ یَوۡمِنَا ھٰذَا الَّذِیۡ فَضَّلۡتَہٗ وَکَرَّمۡتَہٗ وَشَرَّفۡتَہٗ وَعَظَّمۡتَ خَطَرَہٗ اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ لِیۡ فِیۡمَا اَنۡعَمۡتَ بِہٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشۡکُرَ اَحَدًا غَیۡرَکَ وَوَسِّعۡ عَلَیَّ فِیۡ رِزۡقِیۡ یَاذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ اَللّٰھُمَّ مَاغَابَ عَنِّیۡ فَلَا یَفِیۡنَنَّ عَنِّیۡ عَوۡنُکَ وَحِفۡظُکَ وَمَافَقَدۡتُ مِنۡ شَیۡءٍ فَلَا تُفۡقِدۡنِیۡ عَوۡنَکَ عَلَیۡہِ حَتّٰی لَا اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحۡتَاجُ اِلَیۡہِ یَاذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ بعدہ دعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دعا کو پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیۡدَۃٌ وَاَنۡتَ مَلِکٌ قَدِیۡمٌ اَسۡئَلُکَ خَیۡرَھَا وَخَیۡرَمَا فِیۡھَا وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شَرِّھَا وَشَرِّ مَافِیۡھَا وَاَسۡتَکۡفِیۡکَ مَئُوۡنَتَھَا وَشُغۡلَھَا یَاذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ (زادالمعاد)

مبارک ساعت تحویل آفتاب

تحریر
علامہ سبط حسن جعفری
(کوئٹہ)

تمام قارئین کو نوروز کی مبارکباد پیش کرتا ہوں خاص طور سے التماس کرتا ہوں کہ قارئین میرے دوست اور تحفہ روحانیات کے لکھاری کامران بنگش کے والد صاحب کی جلد صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں کہ مولا کریم اُن بزرگ کو جلد از جلد صحت کلی عطا فرمائے۔ جب میں نے مضمون لکھنا شروع کیا ہے اور میرے ہاتھوں کا خون جما جا رہا ہے کیونکہ کوئٹہ میں سردی اس قدر ہے کہ منفی 10 اور 20 تک پارا چلا جاتا ہے۔ آج 05 فروری ہے سخت سردی کی وجہ سے طبیعت بھی بوجھل ہے مگر قارئین تحفہ روحانیات کی محبت میں یہ مضمون لکھنے پر مجبور ہوں۔ سب سے پہلے آپ قارئین کی خدمت میں لفظ نو کی تعریف کرونگا اور اس کے بعد کوشش کرونگا کہ اپنے لفظوں میں کسی حد تک علمی اور ادبی تقاضے پورے کرتے ہوئے اس مضمون کے انجام تک پہنچوں۔ دنیائے اسلام کے زیادہ تر ممالک اس دن کو نیا یوم قرار دیتے ہیں جن سورج بارہ بروج کا سفر طے کر کے دوبارہ پہلے برج میں سفر شروع کرتا ہے۔ اس دن کی اہمیت عرب ممالک کے علاوہ ترکی، ازبکستان، افغانستان، ایران، پاکستان، ہندوستان، اور تمام وہ علاقے جو افغانستان اور روس کے درمیان یا روس اور عربوں کے درمیان مسلمانوں کے علاقے ہیں۔

فارسی زبان میں (نو) کے معنی ہیں (نیا) اور دن کو (روز) کہا جاتا ہے۔ اسی لئے اس یوم کو (نوروز) یعنی نیا دن کہا جانے لگا۔ نئے دن کو دنیا بھر میں خوشی اور شور وغل کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ جس کے در پردہ انسان کی محرومیاں کام کر رہی ہوتی ہیں کہ اگر سال کے ابتدائی دن کو خوشی سے منالیا گیا تو شاید سال بھر خوشیوں کا حصول زیادہ ہو لیکن اس کے نتائج کیا نکلتے ہیں یہ تو ان لوگوں کو خبر ہوگی جو سال کے آغاز میں خوشیاں مناتے ہیں۔

کچھ ممالک میں آج بھی طرح طرح کے کیلنڈروں کی موجودگی کے باوجود حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو، اور حوت کے مہینے پکارے اور لکھے جاتے ہیں حالانکہ جنوری، فروری کے مہینے بھی رائج ہیں اور محرم صفر کے مہینے بھی موجود ہیں۔ یا ساون، بھادوں کے مہینے بھی قائم ہیں۔ عیسوی کیلنڈر کے حساب سے یہ دن مارچ کے مہینہ میں کے تیسرے عشرہ کے آغاز پر آتا ہے قومی سطح پر منائے جانے والے دن کی اہمیت کے نتائج تو مجھے معلوم نہیں لیکن اس دن کی اہمیت موسم اور وقت کی حیثیت میں اہمیت کی حامل ضرور ہے جس کی افادیت سے تحفہ روحانیات کے قارئین کو آگاہ ہونا ضروری ہے طبی اصولوں کے مطابق اس موسم میں انسانی جسم میں نیا خون پیدا ہوتا ہے اس لئے طبیب حضرات عام لوگوں کو جلاب لینے کا مشورہ دیتے ہیں تا کہ معدہ کی مکمل صفائی کے بعد نئے خون میں پرانی بیماریاں شامل نہ ہوں اور جلاب کے استعمال کرنے والا سال بھر تندرست وتوانا رہے۔

اس وقت کی اہمیت اس لئے بھی اہم ہے کہ ان ایام میں دن رات کا دورانیہ بالکل یکساں ہو جاتا ہے 12 گھنٹے کی رات اور 12 گھنٹے کا دن ہو جاتا ہے اور کبھی کبھی کے دن بڑے اور کبھی کبھی راتیں والا معرعہ کمزور پڑ جاتا ہے۔ موسم میں بڑی خوشگوار تبدیلی آنا شروع ہوتی ہے زمین کے اندرونی نظام میں بیداری کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں جس کی وجہ سے زمین پہ سبزہ اُگنے لگتا ہے نئی نئی کونپلیں پھوٹتی ہیں جن کی وجہ سے ماحول کی خوشگواری موسم کی ٹھٹھرتی ہوئی سردی کا مکمل خاتمہ کر کے موسم بہار کا آغاز ہوتا ہے۔ سرد علاقوں میں بادام اور خوبانی کے درختوں پر پھول کھل اُٹھتے ہیں اور یہ نظارہ اتنا خوبصورت ہوتا ہے لوگ اسے فلم بند کر لیتے ہیں کیونکہ ننگی اور سیاہ شاخوں پر پھولوں کا کھلنا بغیر پتوں کے بہت دیدہ زیب منظر پیش کرتا ہے۔

ماہرین علم نجوم قدیم زمانہ سے اس وقت کو بنیاد بنا کر تحویل آفتاب کے وقت سے سال بھر کے زائچے مرتب کرتے آئے ہیں پہلے زمانہ میں بادشاہوں کو ان زائچوں سے آگاہ کرنے کا ٹھیک ٹھاک معاوضہ علماء حضرات کو حاصل ہوتا تھا لیکن اب بادشاہت کا خاتمہ ہو چکا ہے اس لئے عادت سے مجبور یہ علماء حضرات جنتری یا تقویم میں عام لوگوں کی معلومات کیلئے شائع کر دیتے ہیں اس طرح عام آدمی تک بھی معلومات پہنچ جاتی ہے جس کا نتیجہ بھی یہ نکلتا ہے کہ وہ عام آدمی جس نے کسی تقویم یا جنتری سے پیشگوئی پڑھی ہوتی ہیں وہ ان کو اپنے نام سے اخباروں میں شائع کرواتا پھرتا ہے چونکہ عالم حضرات کو لوگوں کی اس روش کا علم ہوتا ہے اس لئے وہ پیشگوئی میں کوئی ایک مفروضہ بھی لکھ چھوڑتے ہیں جس کا علم نقل کرنے والوں کو نہیں ہو سکتا لہٰذا

نقل کرنے والے جب اس نکتے کو پکڑ کر سنسنی پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں تو وہ پکڑے جاتے ہیں اور علماء حضرات کو یہ پتہ چل جاتا ہے کہ کون نقل کر رہا ہے اور کون اصل لکھ رہا ہے اس بات پہ نگاہ رکھنے کی ضرورت آپ کو بھی ہونے چاہیے تاکہ اصل اور نقل کو پرکھ سکیں۔

تحویل آفتاب کا وقت خدا ہی جانتا ہے لیکن حساب کی باریکیاں جس قدر بھی انسان کو اللہ تعالیٰ نے بخشی ہیں ان کے پیش نظر تمام جنتریاں اور تقویمیں آپ لوگوں کو یہ سروس مفت فراہم کرتی ہیں۔ آپ یہ دیکھیں کہ کوئی تقویم مارکیٹ میں پہلے آجاتی ہے اور کوئی بعد میں۔ لیکن تحویل کا وقت سب کے ہاں ایک سا ہوتا ہے اس کا مقصد یہ نکلا کہ حساب دانوں نے محنت پوری کی ہے اب پیشگوئی کا مسئلہ الگ ہے کوئی حساب دان بیماریوں کو پھیلنے سے آگاہ کر رہا ہے تو کوئی حساب دان حکومت کا تختہ الٹ رہا۔ یہ اپنی اپنی نگاہ ہوتی ہے۔

تحویل آفتاب کے موقع پر ایک روحانی طاقت بھی حاصل ہوتی ہے اس قیمتی لمحے کا ذکر کسی بھی تقویم میں نہیں ہوتا کیونکہ اگر وقت بتا دیا جائے تو پھر عالم اور جاہل میں فرق ختم ہو جاتا ہے۔ آپ کو جس وقت سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ وہ تحویل آفتاب کا وقت ہے لیکن بارہویں برج اور پہلے برج میں منتقلیہ کا وہ وقت نہیں بتایا جاتا جس میں روحانی قوت ہوتی ہے۔ ہاں چند ایک علماء نے اشارے دیئے ہیں کہ پھول پانی میں چھوڑ دیں تحویل ہوتے ہی پھول تیرنے لگے گا لیکن پھول تو اسی وقت متحرک ہوگا کہ جب آفتاب اگلے برج میں اترے گا مگر وہ خالی وقت جس میں کام کا آغاز کیا جائے اس کی نشاندہی ہو خاص و عام کو نہیں بلکہ مخصوص منظور نظر شاگردوں کو بتائی جاتی ہے تاکہ وہ شاگرد اس مخصوص لمحے میں کوئی نقش مرتب کر کے سال بھر میں آنے والی کسی مصیبت سے محفوظ رہ سکے۔

اس موقع کی مناسبت سے ایک نقش مرتب کر کے دے رہا ہوں کوئی قسمت کا دھنی وقت کی تاثیر حاصل کر سکے گا اگر آپ مقدر کے سکندر ہیں تو آپ کو اس لمحے کی خبر خواب میں ہو جائے گی۔

طریقہ یہ ہے کہ 20 مارچ 2018ء بروز منگل 21 بجکر 17 منٹ پر ہو گا اس وقت میں اپنے نام کی تعداد کے مطابق اللہ رحیم اللہ کریم پڑھ کر سو جائیں خواب، میں آپ کو واقعہ نظر آئے یا جو گفتگو سنیں اس میں دہرائے جانے والے وقت کو یاد کریں کیونکہ وہی وقت دعا کی قبولیت کا ہے۔ اس بتائے گئے وقت میں ذیل کا نقش نقل کر لیں اور سیدھے بازو پر سورج نکلنے کے وقت باندھ لیں۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
اللہ	الرحمن	الرحیم	بسم
الرحمن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	بسم	اللہ	الرحمن

نقش بازو پر باندھ کر 786 مرتبہ یا اپنے نام کی تعداد کے مطابق بسم اللہ یا عزیز اب العرش (اپنا نام) کامیابی دے اور آسانیاں پیدا کرے۔ یہ پڑھیں اور ہمیشہ صبح کو پڑھنا معمول بنائیں ان شاء اللہ مہینہ کے اندر اندر آپ کی مرادوں میں سے کوئی مراد پوری ہونے لگے گی اور بتدریج آپ کو فائدہ حاصل ہوتا رہے گا۔ وقت کی مناسب سے شمس کے بخورات زعفران، صندل، مشک، و زعفران سلگائیں سفید لباس زیب تن کریں نقش لکھیں اتنی تفصیل کے باوجود اگر خود نہ لکھ سکیں تو ادارے سے وقت کی قیمت اور خوشبویات کی قیمت ادا کر کے حاصل کر سکتے ہیں ہم یہ نقش مخلوط دھات پر بناتے ہیں اور وقت کی باریکی کو مدنظر رکھ کر صرف چند نقش بنا لیتے ہیں

لوح شرف مشتری اور قرض نجات

غربت اور مفلسی ایک ایسا عذاب ہے جس سے نجات کیلئے اس مصیبت میں گرفتار شخص وقتی طور پر کچھ ذہنی سکون حاصل کرنے کیلئے کسی نہ کسی طرح کہیں سے قرض حاصل کر لیتا ہے اور پھر تمام عمر اُس قرض کی قسطیں ادا کرتا رہتا ہے یا پھر پہلے قرض کو اتارنے کیلئے مزید قرضہ لیتا ہے ایسے پریشان حال لوگوں کیلئے عرض کروں کہ ان کے زائچہ پیدائش میں مشتری حالت رجعت میں ہوتا ہے۔ یعنی سیارہ مشتری کی یہ گردش ساری عمر صاحب زائچہ پر ایسی اثر انداز ہوتی ہے کہ وہ قرض پر قرض لے کر اس کے وزن تلے دبا جاتا ہے شرف مشتری اللہ کی طرف سے ایسے پریشان کن لوگوں کیلئے کسی بڑی نعمت سے کم نہیں ہے جو کہ قرض سے نجات چاہتے ہوں سیارہ مشتری کی اس نحس حالت کو ختم کرنے کیلئے لوح مشتری قرض سے نجات کیلئے تیار کی جاتی ہے جس میں خاص قرآنی آیات کی برکت اور تاثیر اس قدر ہوتی ہے کہ بہت مختصر وقت میں لوح مبارکہ اپنا اثر تیزی سے ظاہر کرنا شروع کر دیتی ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے قرض سے نجات مل جاتی ہے ہدیہ 7200 روپے

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

دوستوں کی خدمت میں سلام عرض کرتا ہوں۔اُن تمام دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی بے حد پذیرائی کی وجہ سے میری حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔اس ماہ عداوت کے چند اعمال کے ساتھ حاضر ہوں لیکن یہ بات بھی ذہن میں رکھیں۔آپ سے کسی کے ساتھ زیادتی نہ ہو اگر جائز اور شرعی طور پر میرے ارسال کردہ اعمال کریں گے تو یقیناً ان سے فائدہ ہوگا اور اگر غیر شرعی کرنے کی کوشش کریں گے تو آپکو اتنا ہی نقصان ہوگا۔

موجودہ وقت میں سوشل میڈیا اور جدید ترقی کے طفیل نوعمر لڑکے اور لڑکیاں عجیب وغریب حرکات میں مبتلا ہو جاتے ہیں موبائل فون کا زیادہ استعمال ایسے ناسمجھ عمر بچوں کیلئے انتہائی خطرناک ہے یہی وجہ ہے کہ موجودہ دور میں تیزی سے بڑھتے ہوئے جنسی جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے۔والدین کو چاہیے کہ اپنے بچوں پر خاص طور سے نظر رکھیں تاکہ وہ کسی بے راہ روی کا شکار نہ ہوں۔عالمی سطح پر بچوں کا جنسی استحصال کیا جاتا ہے جس کی تازہ ترین مثال واقعہ قصور ہے۔خیر وہ بد بخت اپنے انجام کو پہنچا لیکن اس تمام مجرمانہ کار فرمائی کے پس پردہ سوشل میڈیا کا مکمل طور پر ہاتھ ہے۔اگر کسی شخص کو یہ علم ہو جائے یا شک ہو جائے کہ اُس کے بچے چاہے بیٹا ہو یا بیٹی کہیں بے راہ روی کا شکار نہ ہو جائیں یا اُن کا تعلق واسطہ ایسے لوگوں سے قائم نہ ہو کہ بعد میں والدین کو صدمات سے گزرنا پڑے تو ایسے لوگوں میں جدائی اور نفاق ڈلوانا باعث ثواب ہے کیونکہ آپ اُن ناسمجھ بچوں کی زندگی کو محفوظ بنا رہے ہیں۔نا کہ اُن کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں۔ایسے میں ذیل کے اعمال انتہائی پُر اثر ہیں۔احکام شرعیہ کا پابند رہتے ہوئے ان اعمال کو کیا جا سکتا ہے۔

عمل بغض

غیر شرعی دوستی اور نامناسب رویوں کے درمیان عداوت ڈالنا یا دشمنوں کے درمیان عداوت ڈالنا یا ایسے لوگوں کے درمیان نفاق اور جدائی ڈالنا کہ وہ بلاوجہ تنگ کرتے ہوں جب تک وہ کسی کو پریشان ہوتا نہ دیکھیں ان شریر لوگوں کو سکون نہیں ملتا ایسے لوگوں میں جدائی تفرقہ ڈالنے کیلئے یہ عمل مجرب ہے عمل کریں اور دعائیں دیں۔

پہلے وضو کریں پھر علیحدہ جگہ جانماز بچھا کر دو نفل ایصال ثواب کل مومنین و مومنات پڑھ کر اس کا ثواب تمام مسلمان جو اس وقت دنیا سے رخصت ہو چکے ان کو پہنچائیں صاحب تحریر کیلئے اور تحفہ روحانیات کیلئے دعا کریں پھر اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھیں آخری آیت پڑھتے وقت دشمنوں میں جدائی ہونے کا تصور رکھیں یہ عمل پڑھنے کے بعد سورہ یٰسین پڑھنا شروع کریں جب مبین پر پہنچ جائیں تو یہ پڑھیں بحق سورہ یٰسین **فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العلمین** پڑھ کر ہتھیلی زمین پر ماریں اور دونوں کا نام لیکر جدائی ہو کہیں اس کے بعد آمین تین بار کہیں پھر ہتھیلی زمین سے اٹھالیں اور آگے سورہ یٰسین دوسری مبین تک پڑھ کر یہی عمل کریں یہ طریقہ ہر مبین پر پہنچ کر کریں یہاں تک کہ سورہ مکمل کر لیں اس طرح یہ عمل گیارہ دن کریں۔سخت ترین عمل ہے اس لئے ڈر خوف آتا ہے لیکن عمل پُر تاثیر اور مجرب ہے اس لئے بہتر ہے کہ روزانہ عمل کے بعد تین پاؤ گوشت ویران جگہ ڈالنا ضروری ہے یہ عمل جائز جگہ کریں۔ناجائز استعمال کریں گے تو اللہ تعالیٰ کی پکڑ میں آنے کیلئے تیار رہیں اس کلام کے مؤکلات آپ کو زندہ نہیں چھوڑیں گے اس لئے احتیاط ضروری ہے اس عمل کے اوّل و آخر درود شریف ضرور پڑھیں۔اجازہ عمل ضروری ہے۔

اللھم اھل علیٰ محمد سید القاھرین علی اعداء رب العلمین

عمل جدائی

جیسا کہ گزشتہ میں عرض کر چکا ہوں کہ کم عمری کی دوستی اور جنسی بے راہ روی کا خدشہ ہو تو ایسے لوگوں میں جدائی ڈالی جا سکتی ہے بہت توجہ سے ان اعمال کو پڑھیں بلکہ اپنی بیاض میں نوٹ فرمالیں کیونکہ یہ اُس خزانے کے موتی ہیں جو کہ لاکھوں کروڑوں روپے دے کر بھی نہیں ملتا۔ماہنامہ تحفہ روحانیات کی قدر کریں کہ جس کے طفیل ایسے بیش قیمت روحانی اعمال آپکو مفت میں مل جاتے ہیں۔جس سے آپکی دُنیا اور آخرت دونوں سنور جاتی ہے۔

عبارت عمل :والقینا بینھم والعد واۃ والبغضاء الی یوم القیٰمۃ

ترکیب عمل: زوال کے وقت باوضو ہو کر دو نفل ایصال ثواب مومنین و مومنات پڑھے ثواب بخشے پھر دونوں قبول ہونے دعا پڑھے پھر کھڑے ہو کر اس کلام پاک کو دو ہزار بار ان دونوں کا خیال کر کے پڑھے آخر میں دونوں کا نام لیکر کہے ان میں جدائی ہو پھر آدھا گھنٹہ بیٹھ کر ان کا تصور جدائی کا کرے بعد میں ہر کسی سے بات کر سکتا ہے روزانہ ایک کلو گوشت ویران جگہ یا دریا یا نہر میں ڈالنا ضروری ہے یہ عمل گیارہ رات کرے ان میں لڑائی جھگڑا اپنی آنکھوں سے دیکھے گا اگر نا جائز جگہ کسی کو تنگ کرے گا یا تماشا دیکھنے کے لئے یہ پڑھائی کرے گا تو تنگی کا منہ دیکھے گا اور خود بیمار ہونا شروع ہو جائے گا جس کا علاج مشکل سے ہوگا۔

عداوت مابین مرد و زن

بعض اوقات ایسا بھی ہوا کہ جدید ٹیکنالوجی کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے شادی شدہ مرد یا عورتیں کم عمر لڑکیوں یا لڑکوں سے دوستی کر لیتے ہیں اور پھر انکی یہ دوستی انتہائی خطرناک انجام تک پہنچتی ہے ایسے لوگوں میں نفاق اور جدائی ڈالنے کیلئے ذیل کا عمل اپنی مثال آپ ہے۔

یا قاھر ذالبطش الشدید انت الذی لایطاق انتقامہ یا قاھر یا قاھر یا قاھر بادشاہ بر فلاں و فلاں جدائی و نفاق نازل گردد او مقھور گردد۔

طریقہ عمل :اس عمل کو جب سورج نکل رہا ہو اس وقت قبرستان جا کر یا ویران جگہ جا کر سورج کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو جن لوگوں میں جدائی ڈالنی ہے ان کا تصور کر کے اور اوپر والی عبارت گیارہ تسبیح پڑھے فلاں اور فلاں والی جگہ دونوں کا نام لے پھر دونوں کا تصور کر کے دم کرے بعد میں آسمان کی طرف پھونک مارے یہ طریقہ گیارہ دن کرے شام سونے سے پہلے سوا کلو گوشت قبرستان میں ڈال دیا کرے یا دریا میں ڈال آیا کرے یہ جلالی عمل ہے اس لئے پرہیز جلالی و جمالی کرے تو زیادہ بہتر یہ عمل چاند کی بیس تاریخ سے شروع کرے وقت ایک رکھے دشمن کے درمیان جدائی کے علاوہ پریشان بھی دونوں ہوں گے لیکن جہاں شریعت اجازت دے وہاں عمل کرے ناجائز کرے گا یا تماشا بینی کے لئے کرے گا تو خود ذلیل اور بیمار ہونا شروع ہو جائے گا جس کا علاج مشکل سے ہوگا جو تجربہ کرنا چاہیے کر کے اپنی بربادی دیکھ سکتا ہے جو عمل کر کے تھک گئے اور عمل نے اثر نہیں کیا وہ کریں حیران کن اثرات ہوں گے لیکن جائز جگہ عمل کرے دوبارہ پھر تاکید ہے۔

حاسد ہمسایہ بھاگ جائے

بعض حاسدین قسم کے لوگ نیک اور شریف ہمسائیوں کو تنگ کرتے ہیں ایسے حاسدین دل میں بغض رکھ کر اپنے ہمسائے کو پریشان کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ حاسد ہمسائے کو بھگانے کیلئے ذیل کا عمل نوٹ کریں۔

عبارت عمل: یا مزمل یا قھار مھتر لگن ہے شمار مجھے ڈھندو کار اُلٹ پُلٹ یا ر ذلیل بحق بدوح۔

طریقہ عمل: پہلے اس عمل کا چلہ چالیس دن کرے روزانہ گیارہ سو بار علیحدہ ویران مقام یا قبرستان میں دو قبروں کے درمیان دن بارہ بجے ورد کیا کرے ایک چلہ کے بعد عامل ہوگا۔ عمل کرنے سے پہلے ایک دیگ چاول پکا کر غریبوں میں تقسیم چلہ پورا ہونے کے بعد پھر ایک دیگ چاول پکا کر ختم شریف پڑھے یا خود گیارہ بار درود شریف چودہ بار سورہ فاتحہ چودہ بار سورہ اخلاص پڑھے پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر تمام ثواب مومنین و مومنات کو ہدیہ کر کے اپنے عمل میں کامیابی کی دعا کر کے تقسیم کر دے پھر روزانہ چلہ کے بعد ایک سو ایک بار روزانہ پڑھا کرے عمل قابو میں رہے گا جب کسی شرارتی کا بھگانا ہو قبرستان جا کر گیارہ پرانی قبروں کی معمولی معمولی مٹی اٹھا کر اس پر گیارہ سو بار دم کر کے ڈالے اور سوا کلو گوشت کی نیاز غریبوں میں تقسیم کر دے یہ طریقہ تین دن کرنے کی صورت میں خود پریشان اور بیمار ہوگا۔ ظالم کے علاوہ کسی پر یہ عمل نہ کرے جو کہتے عمل نہیں ملتا وہ کریں اور بتائیں عمل میں قوت طاقت ہے یا نہیں۔

بد خواہوں میں عداوت

عبارت عمل : یا قھار یا جبار

طریقہ عمل: عشاء کی نماز دونوں علیحدہ علیحدہ اسم مبارک تین سو تیرہ روزانہ ایک چلہ یعنی اکتالیس رات پڑھیں صبح اٹھ کر مکوڑوں کے بلوں پر آدھا کلو شکر اور سوجی ملا کر ڈال دیں چلہ کے بعد عامل ہو جائیں گے پھر اکتالیس بار روزانہ یا قھار پڑھیں اور اکتالیس بار یا جبار پڑھا کریں جس دن پڑھائی نہیں کریں گے عمل ہاتھ سے چھوٹ جائے گا پھر دوبارہ عمل کر پڑھے گا جب ضرورت ہو دونوں آدمیوں کے پیروں کی مٹی یا غرور کرنے والے آدمی کے پیر کی مٹی پر تین سو تیرہ بار یہ عمل پڑھ کر دم کر کے اپنا مطلب بیان کریں اور آگ میں ڈال دیں وہ دشمنی چھوڑ دے کا بدخوہی اور غرور کی عادت دور ہوگی یہ طریقہ سات دن لگاتار کرے دشمن کو اپنی پڑ جائے گی عمل کے دوران غصہ پر قابو رکھیں۔

دھی کی افادیت Yougurt

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

دھی یا لسی میں شہد ملا کر استعمال کرنے سے یرقان کا مریض شفایاب ہو جاتا ہے

دھی استعمال کرنے سے عمر لمبی ہوتی ہے کیونکہ دھی کا طویل العمری سے بہت گہرا تعلق ہے

ایک اندازے کے مطابق برصغیر میں دودھ کی پیداوار کا نصف حصہ دھی میں تبدیل کر کے استعمال کیا جاتا ہے

دودھ کی خمیر شدہ شکل کو دہی کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ نہایت ملائم، خوشگوار اور فرحت بخش ذائقہ کی بدولت برصغیر کے لوگوں کی پسندیدہ غذا ہے۔ یہ کئی خوبیوں سے بھرپور صحت بخش اور شفا بخش غذا ہے۔ امریکہ اور یورپ جیسے ترقی یافتہ ممالک میں دہی گائے کے دودھ سے بنائی جاتی ہے۔ روس میں دہی بنانے کیلئے بھیڑ بکری اور گھوڑی کی دودھ استعمال کیا جاتا ہے۔ جبکہ برصغیر کے لوگ بھینس کے دودھ دہی بناتے اور پسند کرتے ہیں۔ دہی بنانے کیلئے خالص دودھ استعمال کیا جاتا ہے۔ دودھ جس قدر خالص ہوگا دہی اسی قدر عمدہ تیار ہوگی۔ دہی بنانے کیلئے دودھ کو ابال کر ٹھنڈا کر لیتے ہیں اور پھر اس میں تھوڑا سا دہی جاگ کے طور پر ملا دیا جاتا ہے۔ اگر میٹھا سوڈا ملا دیا جائے تو بھی دہی تیار ہو جاتی ہے۔ اگر دودھ زیادہ گرم ہو اور اسے جاگ لگا دی جائے تو دودھ پھٹ جاتا ہے۔ اگر دودھ بہت زیادہ ٹھنڈا ہو تو خمیر کا عمل زیادہ سست ہو جاتا ہے اور دہی کافی دیر سے جمتا یا تیار ہوتا ہے۔ موسم گرما میں دہی جلدی تیار ہو جاتا ہے۔ اس کے ذائقے اور معیار کا انحصار اس کو جاگ لگانے پر ہوتا ہے۔ اگر جاگ کا ذائقہ اور مقدار درست ہوگا تو دہی بھی گاڑھا اور خوش ذائقہ تیار ہوگا۔

دھی کی تاریخ اور پس منظر:۔ دہی کو انگریزی زبان میں yogurt curd کہتے ہیں۔ یوگرٹ ترکی زبان کا لفظ ہے۔ عام خیال یہ ہے کہ سب سے پہلے دہی بنانے کا کام ترکی سے شروع ہوا۔ یہ قصہ کچھ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک ترک خانہ بدوش نے اپنے صحرائی سفر میں بکری کی کھال میں کچھ دودھ بھرا اور اپنے اونٹ کی کمر سے باندھ لیا تھا۔ جب اگلی منزل پر پہنچا تو اس کا دودھ تیز بو والے کثیف کسٹرڈ میں بدل چکا تھا جسے کھا کر خانہ بدوش بہت خوش ہوا۔ تحقیق سے پتہ چلا کہ صحرا کی گرمی اور بکری کی کھال میں پائے جانے والے بیکٹیریا نے دودھ کو ایسے لوازمات مہیا کر دیئے کہ وہ دہی بن گیا۔ سینکڑوں سالوں سے دہی مختلف اقوام کی روزمرہ غذاؤں میں لازمی جز کی حیثیت سے استعمال آتا رہا ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں اس کی صحت بخش غذا کا مرتبہ حاصل ہے۔ مصر، روس، ترکی، یوگوسلاویہ، آرمینیا، وسطی یورپ اور رومانیہ کے ملکوں میں بھی دہی کو یہی مقام و مرتبہ حاصل ہے۔ گزشتہ چند دہائیوں سے امریکہ اور مغربی یورپ میں بھی دہی کو مقبول غذا کا درجہ حاصل ہو رہا ہے۔

دھی کی غذائی صلاحیت:۔ دہی کے غذائی اجزاء تازہ دودھ سے ملتے جلتے ہیں لیکن طبی اعتبار سے دہی میں بہت زیادہ خوبیاں پائی جاتی ہیں دودھ میں پائی جانے والی پروٹین دہی بنانے کے عمل سے بہت زیادہ زود ہضم بن جاتی ہے یہ کام بیکٹیریا یا انجام دیتے ہیں۔ یہی بیکٹیریا یا جب دہی کے ذریعہ اعضائے ہضم میں پہنچتے ہیں تو انتڑیوں کے نقصان دہ کیڑوں کی ہلاکت کا باعث بن جاتے ہیں۔ جبکہ معاون ہضم بیکٹیریا کی افزائش بڑھاتے ہیں۔ یہی معاون ہضم بیکٹیریا یا معدنی اجزاء کو جذب ہونے میں معاونت کرتے ہیں۔ نیز وٹامن بی گروپ کی تشکیل کو ممکن بناتے ہیں۔ لسی (چھاچھ) میں بھی دہی جیسے صحت بخش اور شفا بخش خواص پائے جاتے ہیں۔ لسی (چھاچھ) بنانے کیلئے دہی کو بلو اکر اس میں چکنائی (مکھن) الگ کر کے پانی ملا دیا جاتا جسے لسی کہتے ہیں۔ باقاعدگی سے دہی کا استعمال کرنے والے افراد جاذب نظر ہوتے ہیں کیونکہ دہی سے جلد اور اعصاب کو صحت مند اجزاء فراہم کرتے ہیں۔ دہی جلد کو دھوپ کے نقصان پہنچانے والے اثرات سے بچاتی ہے۔ دہی کے بیکٹیریا یا جلد کو ملائمت اور چمک فراہم کرتے ہیں۔

خوبصورت چہرہ:۔ (1) دہی میں لیموں کا رس ملا کر چہرے پر لگانے سے چہرہ صاف اور چمکدار ہو جاتا ہے۔ نیز جلد کو رطوبت اور ضروری وٹامن سی بھی مہیا کرتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک کپ دہی میں ایک چمچہ لیموں

کا رس ملا کر چہرے اور گردن پر اچھی طرح لیپ کر کے پندرہ بیس منٹ تک خشک ہونے دیں۔ جب خشک ہو جائے تو کسی نرم کپڑے یا ٹشو پیپر سے صاف کر کے پانی سے دھولیں۔ چہرہ صاف اور چمکدار ہو جائے گا۔

(2) دہی میں جو کا آٹا ملا کر استعمال کرنے سے جلد زیادہ صرف اور ملائم بن جاتی ہے۔ (3) دہی میں بیسن ملا کر چہرے پر لیپ کرنے سے پھنسیاں اور کیل ختم ہو جاتے ہیں (4) بالوں کی جڑوں میں دہی لگانے سے بال لمبے، ملائم اور مضبوط ہوتے ہیں۔ (5) دہی کو کسی کھلی جگہ پر تین دن پڑا رہنے دیں تین دنوں کے بعد اس کو سر کے بالوں میں لگا کر آدھا گھنٹہ رہنے دیں۔ پھر دھو ڈالنے سے خشکی سکری کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ (6) دہی بے خوابی کا اچھا علاج ہے۔ بے خوابی کے مریض کو زیادہ مقدار میں دہی کھلانے اور سر پر دہی کا مساج کرنے سے بے خوابی کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ (7) دہی میں لیموں کا رس ملا کر کثرت سے استعمال کیا جائے تو اجابت کے بعد مقعد میں ہونے والی شدید خارش اور جلن صرف دو دن میں دور ہو جاتی ہے۔ (8) دہی انتڑیوں میں موجود فضلے کو نرم کرنے کے ساتھ ساتھ جلن اور خارش کے اثرات کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم کر دیتا ہے۔ (9) دہی یا لسی میں پائے جانے والے لیکٹک ایسڈ کی وجہ سے اسہال، پیچش اور اپینڈیسائیٹس کا باعث بننے والے جراثیموں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ (10) لسی (چھاچھ) کے استعمال سے بڑی آنت کی سوزش میں مبتلا مریضوں کو مکمل افاقہ ہو جاتا ہے۔ لسی (چھاچھ) کا انیمیا پرانی قبض، پیچش، اسہال اور پرانے اپینڈیسائیٹس کا بہترین علاج ہے۔ دہی کا ایک اکلائن غذا ہے۔ یہ غذا کو ہضم ہونے میں معاونت کرتا ہے۔ نیز معدے کی تبخیر اور خشکی بھی دور کرتا ہے۔ اس کے علاوہ پیپسین، رینین اور ہائیڈروکلورک ایسڈ خارج کرنے میں مدد و معاون رہتا ہے۔ دہی ایسی عمدہ غذا ہے۔ جو انتڑیوں اور معدے کے مریضوں کو اسہال، پیچش سے نجات دلاتا ہے۔ دودھ میں پائے جانے والا لیکٹک ایسڈ اور دہی کے لیکٹوز معدے کی متعدد خرابیوں کی اصلاح کرتے ہیں۔ کوپن ہیگن کی مشہور ماہر غذا اور لاجیسن سے اپنی کتاب لیکٹک ایسڈ بیکٹیریا میں لکھا ہے کہ دہی اور خمیر شدہ دیگر مشروبات معدے کی خراش اور ایسی ہی دوسری حالتوں میں متواتر زیادہ پیتے رہنے سے غذا معدے میں نہ ٹھہرنے کی صورت میں مفید رہتے ہیں کیونکہ لیکٹک ایسڈ مخصوص کیمیائی عمل کی وجہ سے جسم میں مکمل کاربن ڈائی آکسائیڈ میں بدل جاتا ہے اور پانی جسم میں جذب ہو جاتا ہے یہ پیشاب کے ذریعے ضائع بھی نہیں ہوتا۔ دہی کا زیادہ استعمال کرنے سے امونیا کا اضافی اخراج جو ہیپاٹائیٹس میں بے ہوشی کا باعث بنتا ہے رک جاتا ہے۔ دہی میں پائے جانے والے لیکٹک ایسڈ جو ثومے جسم میں امونیا بننے کے عمل میں رکاوٹ پیدا کر کے اس عمل کو روک دیتے ہیں۔ دہی یا لسی میں شہد ملا کر استعمال کرنے سے یرقان کا مریض شفایاب ہو جاتا ہے۔ یہ بہترین علاج بالغذا ہے۔ لسی (چھاچھ) کی پٹیاں جلی ہوئی جلد پر رکھنے سے جہاں سرخی کا خاتمہ ہوتا ہے۔ وہاں حدت بھی جاتی رہتی ہے۔ لسی کے استعمال سے ضدی قسم کے امراض جیسے چنبل، اوراگیزیما دور ہو جاتی ہیں۔ لسی پینے کے ساتھ ساتھ لسی میں پٹی بھگو کر متاثرہ جلد پر رکھنا بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔ اگر لسی (چھاچھ) سے تر کر کے کپڑا رات بھر متاثرہ جلد پر بندھا رہے تو زیادہ موثر ہے۔ یہ پٹیاں صبح کے وقت جلد سے ہٹالی جائیں اور جلد کو اچھی طرح صاف کر دینا چاہئے۔ اگر جلد سوزش کی شکایت ہو تو بھی لسی کی پٹیاں مفید رہتی ہیں۔ دہی استعمال کرنے سے عمر لمبی ہوتی ہے۔ کیونکہ دہی کا طویل العمری سے بہت گہرا تعلق ہے۔ نوبل انعام یافتہ روسی پروفیسر مینکوف کہتے ہیں کہ روزمرہ خوراک میں دہی کی معقول مقدار کھانے سے قبل از وقت بڑھاپا پاؤں جاتا ہے۔ پروفیسر موصوف نے بیسویں صدی کے ابتدائی عشروں میں بڑھاپے کے مسائل پر بہت زیادہ کام کیا ہے اور یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ انسانی جسم میں آہستہ آہستہ زہر پھیلنے لگ جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے مزاحمت روز مرہ غذا سے کمزور ہو جاتی ہے۔ اس زہر پھیلنے کے عمل اور انتڑیوں کے امراض کو روکنے کے لئے دہی کا باقاعدہ استعمال ضروری ہے اور اسی سے امراض کو دور کیا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے لئے دہی یا ایسڈ فلکس دودھ کا استعمال مفید ہے۔

دھی کا دیگر استعمال :۔ برصغیر پاک و ہند میں دستر خوان کی زینت بنانے کے لئے دہی کو مختلف صورتوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کو گوشت، سبزی، چاول، مچھلی اور پھلوں کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ دہی میں نمک اور کالی مرچ ملا کر اسے انفرادی طور پر لذت کام و دہن کیلئے کھایا جاتا ہے۔ کچھ لوگ دہی میں چینی اور شہد ملا کر بھی کھاتے ہیں۔ بہت سے پکوان ایسے ہیں جن کو پکاتے ہوئے دہی استعمال کی جاتی ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں دہی کو لسی (چھاچھ) بنا کر بھی مشروب کی طرح پیا جاتا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق برصغیر میں دودھ کی پیداوار کا نصف حصہ دہی میں تبدیل کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔

پشاور اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور
کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ا،ل،ع،ی۔پتھر، مرجان۔مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) ذیل کے ممکنہ حالات عطارد و مریخ کی نحس نظر تربیع کی وجہ سے ہوسکتے ہیں۔ گزشتہ ایام کی نسبت یہ ہفتہ کچھ اچھا نہ گزرے گا دوران سفر احتیاط کریں آگ اور چھری کے استعمال سے بھی لاپرواہی نہ برتیں زخمی ہونے کا خدشہ ہے شریک حیات سے رویہ محتاط برتیں۔اس طرح آپ کا ہفتہ کسی الجھن کے بغیر نہایت ناخوش گوار گزرے گا۔دشمنوں پر نگاہ رکھیں ورنہ اختلافات کھل کر سامنے آجائیں گے۔ایسے حضرات جن کے پاس ملازمین کی تعداد زیادہ ہے وہ اپنے ملازمین پر کڑی نگاہ رکھیں نقصان کا اندیشہ ہے بہت محتاط رہیں۔

(9 تا 15) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ 17 مارچ کو خانہ شرف میں داخل ہورہا ہے برج جدی کے 28 درجہ پر یہ سیارہ درجہ شرف سے گزریگا لیکن یہ وقت آپ کیلئے انتہائی موزوں ہے جب تک یہ سیارہ خانہ شرف میں موجود ہے ہر شے آپ کی مٹھی میں ہے۔ہر جائز کام کرسکتے ہیں۔ان ایام میں اگر کوئی نیا کاروبار یا کسی جگہ پر شادی کا پیغام بھجوائیں تو ضرور کامیابی نصیب ہوگی۔اپنے حق میں بزرگوں سے دعا کروائیں۔

(16 تا 24) اس ہفتہ شمس تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ان ایام میں اپنے برج سے متعلق صدقہ دیں۔اندیشے بڑھتے جائیں گے گھریلو ماحول خراب ہوتا جائیگا وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے کسی عدالتی معاملے میں الجھے ہوئے تھے نہایت محتاط رہنا ہوگا۔نقصان کا اندیشہ ہے۔

(25 تا 31) ان ایام میں زہرہ مریخ تربیع کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ان ایام میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ہر رشتہ کو مضبوطی سے تھام کر رکھیں خاص کر جن افراد کی منگنی یا شادی ہونے والی ہے۔اُن کو پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے۔غصہ پر قابو رکھنا ہوگا ورنہ بنا بنایا کام بگڑ سکتا ہے۔اپنے زیادہ بولنے کی عادت پر قابو رکھیں آپ کے اپنے دوست بھی آپکی اس عادت کی وجہ سے آپ سے اپنے راز بیاں نہیں کرتے۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ب،و۔پتھر، الماس۔مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) ان ایام میں شرف زہرہ اور اہم سعد نظر زہرہ تثلیث مشتری قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے اس نظر کے تحت کاروباری افراد آئندہ آنے والے وقت کیلئے ان دنوں بہترین حکمت عملی بنا سکتے ہیں۔دوران سفر احتیاط کرنا ہوگا۔والدہ کی جانب سے وراثتی جائیداد یا مفت کی دولت ملنے کی توقع ہے انعامی اسکیموں میں فائدہ ہوسکتا ہے۔ان ایام میں لوح شرف زہرہ بنوا کر پاس رکھنے سے من پسند مقصد کی تکمیل ہوگی۔اس لوح کی برکت سے دیرینہ مسائل حل ہونگے اور مشکلات میں کمی واقع ہو۔کاروباری حالات بہتر رہینگے۔

(9 تا 15) اس ہفتہ نحس نظر زہرہ تربیع زحل کی قائم ہورہی ہے۔وہ افراد یا خواتین جن کی نسبت وشادی کے معاملات عرصہ دراز سے چل رہے ہیں منگنی یا نکاح ختم ہونے کا اندیشہ ہے۔خاتون خانہ سے نرم رویہ اختیار کریں ماحول میں کشیدگی پیدا کرسکتی ہے۔بہت پُرسکون رہ کر تمام حالات سے گزرنا ہوگا۔یاد رکھیں حالات ہمیشہ بدلتے ہیں۔

(16 تا 24) بہت احتیاط سے وقت گزرنا ہوگا۔کیونکہ آپ کے برج کا حاکم زہرہ کا دوست سیارہ زحل نحس حالت میں ہے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔جادو کے اثرات تیزی سے اثر کرسکتے ہیں۔ان اثرات سے بچنے کے لئے روحانی بزرگ سے ملاقات ضروری ہے۔لوح زہرہ پاس رکھیں۔

(25 تا 31) اس ہفتہ مالی نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔اخراجات کی زیادتی سے ہر ممکن گریز کریں نئی سودے بازی، ریس وغیرہ میں بھی حصہ مت لیں سوائے نقصان کے کچھ حاصل نہ ہوگا دوسروں کی مادی اعانت بھی نقصان دہ ثابت ہوگی۔شراکتی امور کے ذریعے فائدہ ہوگا۔شریک حیات سے تعلقات استوار رکھیں لاپرواہی نقصان دے ثابت ہوسکتی ہے۔کاروباری حضرات تجارت کی غرض سے ان ایام میں سفر نہ کریں تو بہتر ہے خاطر خواہ فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

جوزا

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

(یکم تا 8) اس ہفتہ کا آغاز آپ کیلئے مبارک نہ ہے جو کچھ کریں سوچ سمجھ کر بہتر طریقہ سے انجام نہیں دے سکتے۔ حالات کی بہتری کیلئے بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں۔ اس ہفتہ آپکے برج کا حاکم سیارہ نظر تربیع قائم کر رہا ہے عطارد مریخ کی یہ نحس نظر نقصان دے سکتی ہے۔ نیا کاروبار شروع کرنے کیلئے یہ ایام بہتر نہ ہے۔ اگر سیر و تفریح کی غرض سے کوئی پروگرام بنایا ہوا ہے تو فی الحال ملتوی کر دیں۔

(9 تا 15) اس ہفتہ نحس نظر عطارد تربیع زحل قائم ہو رہی ہے جس کے نحس اثرات کی وجہ سے بزدلی پیدا ہو سکتی ہے خوف اور دہشت کا عنصر بھی غالب رہیگا۔ اس ہفتہ جرت مندی سے مقابلہ کیا جائے کمزوری یا بزدلی آپکو لے ڈوبے گی۔ اگر آپ کمزور پڑ گئے یا مشکلات سے فرار کی راہ اختیار کی تو یہ ہفتہ طرفداری نہ کرے گا۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں نہیں۔ اس ہفتہ بدنامی کا خدشہ ہے۔ سیاہ رنگ لباس استعمال نہ کریں۔

(16 تا 24) ان ایام میں عطارد قران زہرہ قائم ہو رہا ہے۔ اس نظر کے تحت محبوب یا شریک حیات سے وابستہ توقعات ان دنوں پوری ہونگی۔ عزیز اقارب کی ناراضگی دور کرنے اور صلح کا وقت ہے انعامی اسکیموں میں کامیابی حاصل ہو سکتی ہے اس ماہ آپ کا لکی عدد 73 ہے۔

(25 تا 31) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ان ایام میں برج حمل میں ہے 23 مارچ تا 15 اپریل کو اس سیارہ کو رجعت ہو رہی ہے۔ اس دوران یہ سیارہ اپنی طاقت کھو دیگا۔ اس دوران طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب رہیگا آپ کو آرام کرنا چاہئے کوئی بھی تحریری معاہدہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ عزیز اور رشتہ داروں سے وفا کی امید نہ رکھیں۔ جس شخص پر آپ نے بھروسہ کیا اُس سے دھوکہ ملنے کی قوی امکان ہے۔ اہل خانہ کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں۔ جتنا ممکن ہو سکے حالات کے ساتھ سمجھوتہ کر کے چلیں اسی میں بہتری ہے۔

سرطان

